Volume I
No. 11

SP. I-11-76 (E)
250

# THE SENATE OF PAKISTAN

# DEBATES

## OFFICIAL REPORT

Thursday, March 18, 1976

CONTENTS

| | Pages |
|---|---|
| Starred Questions and Answers ... ... ... | 467 |
| Deferred Starred Question and Answer ... ... ... | 469 |
| Leave of Absence ... ... ... ... | 470 |
| Adjournment Motion *Re :* Attack of Bharati dacoits on PAK border village—*Not pressed* ... ... ... | 470 |
| Adjournment Motion *Re* : Failure of Sind Government to produce Ch. Zahur Illahi before Lahore High Court—*Ruled out* ... ... ... ... ... | 472 |
| Message from the National Assembly *Re* : Adoption of the Pakistan Study Centres Bill, 1976—*Read out* ... ... | 487 |
| Schedule for discussion on admissibility of adjournment Motions ... ... ... | 487 |
| The Labour Laws Bill, 1976—*Passed* ... ... ... | 491 |
| The Federal Supervision of Curricula, Text-Books and Maintenance of Standards of Education Bill, 1976—*Passed* ... | 492 |

PRINTED AT THE MACLAGAN PRESS, CHURCH ROAD, LAHORE

PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI.

*Price : Paisa 50*

# SENATE DEBATES

## SENATE OF PAKISTAN

---

**Thursday, March 18, 1976**

---

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at ten of the clock in the morning, Mr. Chairman (Mr. Habibullah Khan) in the Chair.

---

(*Recitation from the Holly Quran*)

---

## STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

**Mr. Chairman :** Now, we take up question. First question is in the name of Khawaja Mohammad Safdar, No. 58.

### DISMISSAL OF STATE LIFE INSURANCE OFFICERS

58. ***Khawaja Mohammad Safdar :** Will the Minister for Commerce and Tourism be pleased to state :

(a) whether it is a fact that about eighty-one officers of the State Life Insuranee have been dismissed recently ;

(b) whether it is a fact that the officers mentioned in (a) above were not given any show-cause notice; if so, whether reasons for their dismissal have been intimated to them ; and

(c) the name and the designation of the authority or authorities which ordered these dismissals ?

**Mir. Afzal Khan** (Read by Malik Mohammad Akhtar) : (a) No.

(b) & (c) These questions do not arise in view of answer to (a) above.

**خواجہ محمد صفدر :** کیا محترم وزیر صاحب ارشاد فرمائیں گے کہ کل اس قسم کے جواب میں نیشنل اسمبلی میں یہ جواب دیا گیا تھا کہ ۸۱ آدمیوں کو برطرف کیا گیا ہے ۔ وہ جواب درست ہے یا یہ جواب درست ہے ؟

**Mr. Chairman :** Malik Sahib, do you understand the supplementary ? His supplementary is whether you know that yesterday some question had been asked in the National Assembly and the answer given was that 81 officers in the insurance have been dismissed.

**Malik Mohammad Akhtar** (Minister for Law and Parliamentary Affairs) : Sir, I consider that the question of Khawaja Mohammad Safdar was not clear and so the answer had to be given 'No'. As a matter of fact, due to ambiguity of the question he could not get the requisite answer. Of course, certain people were dismissed. I consider this question may be deferred for clarification.

**Mr. Chairman :** This question will be regarded as having not been answered at all.

**Malik Mohammad Akhtar :** I am not satisfied with the answer myself.

**Mr. Chairman :** It is very gentlemanly of him. All right, the whole question should be deferred to some other day. The whole question stands deferred, and this should not be reported in the Press. It should be recorded as not having been asked at all.

Next, question No. 59.

## REPAIRS OF ISLAMABAD QUARTERS

59. ***Sheikh Umer Khan :** Will the Minister for Housing, Works and Urban Development be pleased to state ;

(a) whether he is aware of the fact that the roofs of E-type quarters in Islamabad are leaking ;

(b) if reply to (a) above be in the affirmative, the measures taken by the Government to stop the leakage ;

(c) whether he is aware of the fact that in Islamabad D and E type quarters in particular and quarters of other categories in general are in a bad condition ; if so, the steps taken by the Government in this regard ; and

(d) whether the Chairman, C. D. A. has passed orders to stop the repairs of the residential quarters and instead, spend this money on the construction of parks in and beautification of Islamabad ?

**Syed Nasir Ali Shah Rizvi** (Read by Malik Mohammad Akhtar) : (a) Yes.

(b) A provision of Rs. 5 lacs has been made during the year 1975-76 exclusively for carrying out extensive repair to stop the leakage of the roofs of the Government houses and the work to the extent possible within this amount shall be completed by the end of June, 1976.

(c) Yes. Efforts are being made to get supplementary grant. It is due to the financial stringency that it has not been possible to carry out proper maintenance of the quarters.

(d) No. Maintenance funds are not incurred on lying of parks and beautification of the city.

**Mr. Chairman :** Next question. Deferred question No. 36 by Sardar Mohammad Aslam.

## DEFERRED STARRED QUESTION AND ANSWER

*(Originally set down for answer on 9th March, 1976)*

### KOHISTAN DEVELOPMENT PROJECT

36. ***Sardar Mohammad Aslam** (Put by Sher Mohammad Khan) : Will the Minister of State for Cabinet be pleased to state :

(a) the total amount spent on the Kohistan Development Project so far in the areas of Hazara and Sawat Districts affected by earthquake ;

(b) the amount spent on development work and construction of roads, buildings, schools, hospitals, etc. under the project till 1-1-1976 ;

(c) the amount spent on monthly salaries of employees of the Kohistan Development Project till 1-1-1976 ;

(d) the amount spent on T. A./D. A. of employees of the Kohistan Development Project till 1-1-1976 ; and

(e) the amount spent on the purchase and maintenanse of vehicles by the Kohistan Development Project till 1-1-1976.

**Makhdoomzada Mohammad Amin Fahim :** (a) Rs. 2.50 crores.

(b) The amount spent on development work is Rs. 2.50 crores, on construction of roads Rs. 71,53,021, on buildings Rs. 38,64,205, on schools Rs. 84,876 and on hospitals Rs. 2,40,423.

(c) and (d). The amount spent on Pay and Allowances of employees of K. D. P. is Rs. 7,03,000. The break up this amount is being obtained from the N. W. F. P. Government and will be placed on the table of the House as and when received.

(e) The amount spent on the purchase and maintenance of vehicles by the K. D. P. is Rs. 22,40.550.

**جناب شیر محمد :** جناب والا ! کیا وزیر صاحب از راہ کرم یہ بتائیں گے کہ یہ دو کروڑ ۵۰ لاکھ روپیہ سڑکوں پر اور ۵۱ لاکھ روپیہ عمارتوں پر اور اس طرح سے

[Mr. Sher Mohammad]
اسکولوں اور ہسپتالوں پر جو روپیہ خرچ کیا گیا ہے ان سڑکوں عمارتوں کی تفصیل بتا سکیں گے ؟

مخدوم زادہ محمد امین فہیم : یہ تمام تفصیل تو جمع کر کے ہی بتا سکتا ہوں -

**Mr. Chairman :** All rigat, the question hour is over. Now, we take up leave applications.

## LEAVE OF ABSENCE

**Mr. Chairman :** This is leave application from Senator Qamaruz Zaman Shah :

> "Kindly grant me leave of absence for remaining absent from Friday, the 19th to Friday, the 26th, as I have an urgent personal work."

Should the leave be granted ?

**Voices :** Yes.

خواجہ محمد صفدر : وہ کہتے تو ہیں ہمیں کوئی اعتراض نہیں - ہم تو پسند کریں گے کہ وہ یہاں رہیں -

**Mr. Chairman :** Personal work ! It should have priority over official work. Should the leave be granted ?

(*The leave was granted*)

**Mr. Chairman :** The leave is granted. Now, we take up adjournment motions. This is adjournment motion No. 33 by Khawaja Mohammad Safdar.

## ADJOURNMENT MOTION *Re* : ATTACK OF BHARATI DACOITS ON PAK BORDER VILLAGE

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, I beg to leave of the House to move a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the Bharati dacoits attacked a Pakistan border village Got Pada Sindha, drove away five camels and when intercepted by the Indus Rangers, they opened fire and after killing a Naik of the Indus Rangers, crossed into Bharati territory (Nawa-i-Waqt of 2nd March, 1976). The failure of the Federal Government in protecting the Pakistani borders, and the lives and property of the Pakistanis has caused grave recentment against the Federal Government.

**Malik Mohammad Akhtar :** It is opposed. Firstly, it is not of urgent public importance. Secondly the Indus Rangers immediately came into

action. There was exchange of fire and the attackers were chased by the Rangers. But I have to make a small assurance to my hon'ble friend that we are making all possible efforts, and we are taking all the possible measures.

**Mr. Chairman :** You can give firm assurance.

**Malik Mohammad Akhtar :** Yes, Sir, firm assurance.

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** وزیر قانون صاحب خود فرم نہیں ہیں یہ فرم ایشورنس کیا دیں گے ؟

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, I request my friend not to press the motion and assure him that we are guarding the borders. Moreover, this is not a matter of urgent public importance. Small incidents do occur, dacoits came. Then, there was no negligence, because they were properly chased. I consider he will not press.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! مجھے اس امر میں محترم وزیر صاحب سے شدید اختلاف ہے ۔ کہ یہ مسئلہ عوامی نوعیت نہیں کا یا یہ مسئلہ عوامی اہمیت کا نہیں ۔ جناب والا ! کچھ عرصہ سے اکثر یہ واقعات ہو رہے ہیں ۔ خصوصیت سے صوبہ سندھ کے بارڈر پر ان واقعات کی تعداد میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے ۔ دوسری بات یہ ہے کہ بنیادی فرض کسی گورنمنٹ کا یہ ہوتا ہے کہ وہ اپنے شہریوں کی جان ، مال اور عزت کی حفاظت کرے ۔ اگر ہم اپنے بھائیوں کی جو کہ ہماری سرحدوں کے قریب بستے ہیں اور درحقیقت ہماری سرحدوں کی حفاظت کرتے ہیں اگر ہم ان کی حفاظت نہیں کر سکتے ۔ ان کے جان و مال کا تحفظ نہیں کر سکتے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہماری انتہائی کوتاہی ہے اور اپنے فرائض سے عدم توجہی ہے ۔ اب اس کے ساتھ ہی ساتھ میں یہ بھی کہوں گا کہ ہم جو اتنا روپیہ بارڈر رینجرز پر صرف کر رہے ہیں تو یہ کیا کرتے ہیں ۔ اگر کہیں کوئی اکیلا دکیلا آدمی کسی کے ہتھے چڑھ جائے تو وہ اور بات ہے ۔ یہاں تو گاؤں پر حملہ کر دیا اور گاؤں کو خالی چھوڑ دیا ہوا ہے ۔ تو یہ بارڈر رینجرز کی عدم توجہی ہے ۔

**جناب چیئرمین :** ایک بیچارے نائیک نے تو جان مروادی ، تو اور کیا کرتے ؟

**خواجہ محمد صفدر :** یہی تو میں عرض کرتا ہوں ۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ اہمیت ہی نہیں ہے میں تو یہ عرض کرنے والا ہوں کہ بارڈر رینجرز کے ایک نائیک نے ان کو chase کیا اور وہ بھی مارا گیا اور پھر کہتے ہیں اس کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ مجھے وزیر صاحب سے اس بات میں شدید اختلاف ہے ۔ تو میں یہ گزارش کروں گا کہ آئندہ زیادہ احتیاط برتی جائے تاکہ اس ملک کے محترم اور معزز شہریوں کی عزت ، جان اور مال جو ہے ۔ وہ محفوظ رہے ۔

**Malik Mohammad Akhtar :** I assure him that we will take necessary measures, and it need not be pressed.

(*Pause*)

**Mr. Chairman :** Yes, in view of the repeated assurances the motion is not pressed. He held out the assurance at the beginning as well as at the end. Yes, next.

This is adjournment motion No, 34. Yes, Khawaja Mohammad Safdar.

## ADJOURNMENT MOTION *Re* : FAILURE OF SIND GOVERNMENT TO PRODUCE CH. ZAHUR ILLAHI BEFORE HIGH COURT LAHORE

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, I beg leave of the House to move a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the High Court at Lahore ordered the Home Secretary, Government of the Punjab, to produce Ch. Zahur Illahi, M. N. A. before it. The Advocate General on behalf of the Home Secretary, Punjab, after seeking several adjournments from the High Court for the production of the person of Ch. Zahur Illahi, M. N. A. at last put in an affidavit that the Home Secretary, Government of Sind, had informed him that the Chief Minister, Sind, had ordered him not to comply with the orders of the High Court, Lahore. These orders of the Chief Minister, Sind, are a flagrant defiance of the High Court, Lahore, and show that the persons in power especially the Chief Minister, Sind, has scant respect for the High Courts of this country. This fact has greatly perturbed the public.

**Malik Mohammad Akhtar :** Firstly, without going into the merits of the case, I can only say that it is a provincial matter. Secondly, Sir, the matter is sub judice, and we have been informed that the single Judge dealing with the case has referred it to the Chief Justice for being placed before a larger Bench. Consequently, the matter is now fixed before a Division Bench and the date of hearing is yet to be fixed. The matter is sub judice and it is a provincial matter *i. e.* the action of a Chief Minister. Then, Sir, according to our information—I need not go into the details—I submit that the matter is Sub-judice, and it is a provincial matter.

**جناب محمد ہاشم غلزئی (قائد حزب اختلاف) :** سر ! میں یہ عرض کروں گا کہ کہ وزیر صاحب نے جو یہ فرمایا ہے کہ یہ جو صوبائی مسئلہ ہے مجھے اس سے اختلاف ہے ۔

**جناب چیئرمین :** اس کو تو چھوڑ دیجئے ۔ وہ دوسرا لیجئے
Lahore High Court has taken cognizance of this matter.

**جناب محمد ہاشم غلزئی :** سوال یہ ہے کہ تحریک التواء کا مسئلہ یہ ہے کہ ہائی کورٹ کے اختیارات کو چیلنج کیا گیا ہے عدلیہ کے اختیارات کو انتظامیہ نے

چیلنج کیا ہے اس پر ہمیں اعتراض ہے۔ انتظامیہ کو اگر اتنا اختیار دیا جائے کہ وہ ہائی کورٹ کی بات نہ مانے تو پھر ملک میں قانون کی بالا دستی نہیں رہے گی۔

ملک محمد اختر: آپ کا قانون کی بالا دستی سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

جناب محمد ہاشم غلزئی: کیسے تعلق نہیں ہے قانون کی بالا دستی سے؟ ہم اس ملک کے رہنے والے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ یہاں قانون کی بالا دستی ہو اور عدلیہ کی حکومت ہو۔ یہ نہیں کہ انتظامیہ کی جو مرضی ہو وہ کرتی جائے۔ یہاں پر تو مسئلہ یہ ہے کہ ہائی کورٹ کے اختیارات کو چیلنج کیا گیا ہے۔ اس لئے ہم چاہتے ہیں کہ اس پر بحث کی جائے کہ چیف منسٹر ایگزیکیوٹیو کا جو ہے اس کو اتنی اہمیت نہیں دینا چاہیئے کہ وہ ہائی کورٹ کے اختیارات کو چیلنج کر دے یہاں پر تو قانون کی بالا دستی ہونی چاہیئے یہ کیسے کہتے ہیں کہ یہ مسئلہ اس قسم کا نہیں ہے؟

جناب شہزاد گل: میری گزارش یہ تھی کہ سب جوڈائس اس سینس میں ہے کہ چوہدری ظہور الٰہی کی گرفتاری کے بعد سنگل جج نے مسئلے کو لارجر بینچ میں پیش کرنے کے لئے ریفر کیا ہے۔ اب اس میں چوہدری ظہور الٰہی کو پیش کرنے کے متعلق یا اس کی گرفتاری کے متعلق یا اس کی رپورٹ کے متعلق مسئلہ زیر بحث آئے گا تو پھر وہ سب جوڈائس ہے۔ یہاں پر چوہدری ظہور الٰہی کی رہائی کا مسئلہ نہیں ہے۔ یہاں پر یہ ہے کہ سندھ کے چیف منسٹر نے ہائی کورٹ کے حکم کی تعمیل نہیں کی ہے یہ سب جوڈائس نہیں ہے۔

**Malik Mohammad Akhtar**: On a point of order, Sir. Even the facts are being disputed by the Sind Government, but I need not go into that because that is before the High Court now. We are not accepting the allegations even.

**Mr. Chairman**: Malik Sahib, please tell me for my information whether the Sind Government has repudiated the allegation made against them that the Home Secretary had said such a thing? Have they denied it?

**Malik Mohammad Akhtar**: They are denying it, but why should we enter into the merits of the case when the matter is sub judice and it can be placed before the High Court? Anyhow, they are denying having made the order of the nature as stated in the adjournment motion. But I am not taking that point at all. Since some confusion was being created, I am only saying that they are not accepting the allegation. My point is that it is a provincial matter and the matter is sub judice. I do not want it to be discussed when a Full Bench or a Larger Bench is looking into the matter. The Senate need not, and under the Rules, Regulations and Constitution, cannot take it up.

جناب شہزاد گل: جناب والا! ہم یہاں پر چوہدری ظہور الٰہی کی گرفتاری کے متعلق مسئلہ نہیں چھیڑتے۔ اس میں ہم نہیں جاتے۔ انہوں نے اعتراض

[Mr. Shahzad Gul]

گیا ہے کہ یہ سب جوڈائس ہے ہم کہتے ہیں کہ سب جوڈائس چوہدری ظہور الہیٰ کی گرفتاری ہے اس کے متعلق یہاں تحریک التواء نہیں ہے - انہوں نے صرف یہ اعتراض اٹھایا ہے کہ یہ سب جو ڈائس مسئلہ ہے - دوسرا اعتراض انہوں نے یہ اٹھایا ہے کہ یہ صوبائی معاملہ ہے - یہاں پر صوبائی معاملہ نہیں ہے - تحریک التواء میں صرف یہ مسئلہ اٹھایا گیا ہے کہ سندھ کے چیف منسٹر نے سندھ کے ہوم سیکرٹری کو کہا ہے کہ سندھ کے ہوم سیکرٹری نے پنجاب کے ہوم سیکرٹری کو یہ اطلاع دی ہے اور پنجاب کے ہوم سیکرٹری نے ہائی کورٹ کو بذریعہ ایڈووکیٹ جنرل انفارم کیا ہے - سندھ کے چیف منسٹر نے کہا ہے کہ ہم چوہدری ظہور الہیٰ کو ہائی کورٹ کے حکم کی تعمیل کے سلسلے میں سندھ سے پنجاب منتقل نہیں کر سکتے -

جناب چیئرمین : وہ ڈینائی کرتے ہیں -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : یہ ایڈووکیٹ جنرل نے ہائی کورٹ کے سامنے سارے وکلاء کی موجودگی میں کہا ہے - پریس میں آیا ہے - یہ فیکٹس کو کیسے ڈینائی کرتے ہیں - یہ تو پریس میں آیا کہ ہائی کورٹ کے حکم کی تعمیل نہیں ہوئی ہے اور سندھ کی ایگزیکیوٹیو اتھارٹی ہائی کورٹ کے حکم کی تعمیل نہیں کر رہی ہے - اس مسئلے کو ہم زیر بحث لا رہے ہیں - ہائی کورٹوں کے اختیارات اور ان کے وقار کو یہاں نقصان پہنچ رہا ہے ، یہ مسئلہ زیر بحث لایا جا رہا ہے یہاں وہ باقی چوہدری ظہور الہیٰ کا مسئلہ زیر بحث نہیں لایا جا رہا ہے کہ سب جو ڈائس ہے یا نہیں ہے یہاں پر جھگڑا صرف اتنا ہے کہ جناب والا ! آپ بھی ہائیکورٹ کے ایک معزز جج رہے ہیں آپ کو تو پتہ ہے کہ ہائیکورٹ کا جج جو حکم صادر کرتا ہے اس کی تعمیل ایگزیکٹو اور ہر ایک کے لئے لازمی ہوتی ہے - ہائیکورٹ کے معزز جج نے حکم صادر فرمایا کہ چوہدری ظہور الہیٰ کو میرے سامنے پیش کیا جائے اور یہی ہونا ہے - رٹ پٹیشن میں تو ایگزیکٹو اتھارٹی نے اس کو پیش کرنے سے انکار کیا ہے اور اس انکار کی وجہ سے ہائیکورٹ کے وقار اور اختیارات کو زک پہنچی ہے اور اس طرح ایگزیکٹو آرڈرز کے تھرو ہائیکورٹ کے اختیارات سلب کئے جا رہے ہیں ہم صرف یہ مسئلہ زیر بحث لانا چاہتے ہیں -

Mr. Chairman : Yes, Maulana Sahib, do you want to say anything ?

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جناب والا ! میں آپ کی توجہ رول ۲۱ ایل کی طرف کراتا ہوں -

ملک محمد اختر : یہ تو آپ کے خلاف جاتا ہے -

(*Interruption*)

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جب آپ ہوں گے تو خلاف ہی جائیں گے -

جناب والا ! میں آپ کی اجازت سے کھڑا ہوا اور انہوں نے مجھے ڈسٹرب کیا -

ملک محمد اختر : میں اپنی طبیعت کے بے قابو ہونے کا اعتراف کرتے ہوئے معذرت خواہ ہوں -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : یہ وزیر قانون بننے کے اہل ہیں ، جن کی طبیعت بے قابو ہو جاتی ہے ؟

جناب چیئرمین : انہوں نے کہا ہے کہ میں معذرت چاہتا ہوں -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : اگر آپ معذرت قبول کرتے ہیں تو پھر میں مجبور ہوں -

جناب چیئرمین : معافی آپ سے مانگی ہے مجھ سے نہیں - آپ نے جواب نہیں دیا -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : دیکھیں گے کہ یہ قابل معافی بھی ہیں یا نہیں -

جناب چیئرمین : کب دیکھیں گے ؟

**Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi :** "It shall not relate to a matter pending before a court or other authority performing judicial or quasi judicial functions,"

یہاں محترم خواجہ صاحب نے جو تحریک التواء پیش کی ہے اس میں کوئی اور مسئلہ زیر بحث نہیں ہے جیسے محترم وزیر قانون صاحب نے یہ کہا کہ یہ جوڈیشیل نہیں ہے سوال یہ ہے کہ جوڈیشیل کی جو اتھارٹی ہے اس کو چیلنج کیا گیا ہے اور یہ صوبائی مسئلہ نہیں ہے اب میں آپ کی توجہ آئین کی طرف مبذول کراتا ہوں اور غالباً مجھے آپ کی توجہ آئین کی طرف مبذول کراتے ہوئے یہ احساس ہوتا ہے کہ سورج کو چراغ دکھانا ہے بہرحال - - - -

جناب چیئرمین : ہم جب تک زندہ ہیں سیکھتے رہیں گے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جناب چیئرمین ! آئین تو ہمہ وقت آپ کے پیش نظر ہے - اس میں ہائیکورٹ اور سپریم کورٹ کے جو اختیارات ہیں -

"Chapter IV, General Provisions relating to the judicature.

ملک محمد اختر : آرٹیکل کا حوالہ دیں -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** آپ کے لئے تو آرٹیکل ہی آرٹیکل ہیں صبح سے شام تک جو آئین کی مٹی ان کے ہاتھوں پلید ہوتی ہے لوگ دیکھتے ہیں اور ہنستے ہیں ۔

**Malik Mohammad Akhtar :** I take strong exception to this.

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** میں عرض کر رہا تھا کہ

General provisions relating to the judicature.

میں جناب چیئرمین کی اجازت سے بول رہا ہوں اور درمیان میں یہ بغیر پوائنٹ آف آرڈر کے کھڑے ہو گئے یہ ان کو پرولیج تو حاصل نہیں ہے ۔

**ملک محمد اختر :** طبیعت بے قابو ہو جاتی ہے میں معافی چاہتا ہوں ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** ان کی بار بار طبیعت بے قابو ہو جاتی ہے یا تو انہیں لاہور بھجوانے کا بندوبست کرائیں ۔

**جناب چیئرمین :** وہ تو بار بار دل کا ذکر کر رہے ہیں دل تک تو رسائی مشکل ہے ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** بہرحال میں مختصر کرتا ہوں ۔ میں بھول گیا ، نشانی رکھی ہوئی تھی ۔ میں بعد میں آپ کی خدمت میں آئین پیش کر دوں گا ۔ ہائیکورٹ اور سپریم کورٹ کی جو اتھارٹی ہے اس کو کسی وقت ایگزیکٹو چیلنج نہیں کر سکتی یہ جوڈیشری یا ایگزیکٹو اتھارٹی جو ہے وہ سب ہائیکورٹ کے حکم کی تعمیل کرتی ہے اگر تعمیل نہیں کرتی تو یہ ہائیکورٹ کی توہین ہوگی تو یہ مسئلہ زیر بحث ہے کہ سندھ حکومت کے چیف منسٹر نے ہائیکورٹ کے حکم کی تعمیل کرنے سے انکار کر دیا ہے اور اس کا باقاعدہ ثبوت آپ کی خدمت میں موجود ہے تحریک التواء کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ ایڈمسیبیلٹی اس کی پہلے منظور کر لی جائے تو اس کے بعد وقت مقرر ہوتا ہے اور وہ چیئرمین پر انحصار ہوتا ہے ۔

**جناب چیئرمین :** نہیں ، نہیں اگر ایڈمسیبیلٹی ہو تو پھر ایوان سے پوچھا جاتا ہے اور بارہ ممبروں کی سپورٹ کی ضرورت ہوتی ہے ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** ٹھیک ہے وہ تو ہوتا ہے اتفاق کر لیتے ہیں ۔ اس کے بعد جب یہ مسئلہ دو گھنٹے زیر بحث آئے گا تو اس میں ہم آپ کی خدمت میں تمام تفصیلات مہیا کریں گے ایڈووکیٹ جنرل کے تھرو چیف منسٹر کا بیان داخل کیا گیا اور یہاں عدالت عالیہ کے ریکارڈ پر یہ چیز موجود ہے کہ چیف منسٹر نے ہائی کورٹ کے احکامات کی تعمیل کرنے سے انکار کر دیا — مسئلہ صرف یہ زیر بحث ہے ۔

**جناب شہزاد گل :** جناب والا ! اس کے ساتھ ساتھ ایک دوسرا مسئلہ بھی پیدا ہو جاتا ہے چونکہ یہ ہائیکورٹ کی توہین ہے جس طرح جناب والا ! آپ کو معلوم ہے کہ پریزیڈنٹ اور پرائم منسٹر اور چیف منسٹر اس سے مستثنیٰ ہیں ان کو ہائیکورٹ طلب نہیں کر سکتا اور اس طریقے سے ہائیکورٹ کے اختیارات ختم ہو رہے ہیں ہم صرف اس مسئلہ کو زیر بحث لانا چاہتے ہیں ۔

**جناب چیئرمین :** یہ تو ٹھیک ہے ۔

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! میرے دوستوں نے اس مسئلہ پر کافی روشنی ڈالی ہے ، مجھے اس بات کا افسوس ہے کہ محترم وزیر قانون و پارلیمانی امور جن کے فرائض میں یہ شامل ہے کہ وہ اس ملک کی عدالتوں کا تحفظ کریں وہ خود آج اس جرم کا ارتکاب فرما رہے ہیں ۔ بجائے اس کے کہ وہ عدالت عالیہ کی امداد کرنے وہ انتظامیہ کی پشت پناہی کر رہے ہیں ۔ جناب والا ! محترم وزیر قانون صاحب نے اس تحریک التواء پر یہ اعتراض کیا کہ یہ تحریک التواء سب جوڈائس ہے ۔ آپ میری اس عبارت کو دیکھئے میں نے چوہدری ظہور الٰہی کے خلاف جو مقدمات درج ہیں یا جو زیر سماعت ہیں ان کے متعلق قطعی طور پر یہ نہیں کہا کہ اسی ایوان میں ان پر بحث کی جائے ۔ بحث کرنے کے لئے یہاں ایک مخصوص اور specific مسئلہ ہے وہ یہ ہے کہ ہوم سیکرٹری حکومت سندھ نے پنجاب ہوم سیکرٹری کو اطلاع دی ہے کہ وہ ہائیکورٹ لاہور کے احکامات کی پابندی نہیں کر سکتے کیونکہ چیف منسٹر سندھ نے ان کو ایسا کرنے سے منع کر دیا ہے ۔ اب جناب والا ! ارباب اقتدار کے جہاں بہت سے فرائض اس ملک کے شہریوں سے متعلق ہیں وہاں اس ملک کی عدلیہ کے متعلق بھی ان پر چند فرائض عائد ہوتے ہیں اور نہایت اہم فرائض عائد ہوتے ہیں ۔ اگر آج ہم عدلیہ کے وقار کو مجروح کریں اگر آج ہم عدلیہ کے وقار کو خدانخواستہ مجروح کرنے کی کوشش کریں خاک میں ملانے کی کوشش کریں تو کل اس ملک کے شہریوں کا اس عدلیہ پر کسی قسم کا اعتماد نہیں ہوگا ان شہریوں کو معلوم ہوگا کہ یہ عدلیہ حکم جاری کرے گی تو اس کو ماننے والا یہاں کوئی نہیں ہے ۔ اصل میں عدلیہ کے پاس نہ کوئی فوج ہے نہ کوئی پولیس ہے نہ کوئی اختیار ہے کہ وہ اپنے احکام کی خود پابندی کرائے ۔

**Mr. Chairman:** This is a broader issue. You are off the mark. Kindly confine your arguments to the point.

**خواجہ محمد صفدر :** بہت بہتر جناب والا ! تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جب تک ملک کی انتظامیہ اور ملک کی انتظامیہ کا ایک نہایت اہم جزو جو کہ ایک بہت بڑے عظیم صوبے کے چیف منسٹر ہیں اور جن کے متعلق اس واقعے سے پہلے میری اور دوسرے دوستوں کی خاصی اچھی رائے تھی جو کہ اب تبدیل ہو گئی ہے ۔

ملک محمد اختر : میرٹ پر جا رہے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر : میرٹ پر تو نہیں جا رہا صرف یہی عرض کر رہا ہوں کہ ان کا حکم جو ہے وہ میں زیر بحث لانا چاہتا ہوں کہ آیا چیف منسٹر کا حکم اس ایوان میں زیر بحث آ سکتا ہے یا نہیں ۔ اس سے عدلیہ کا کوئی تعلق نہیں ہے جہاں تک اس بحث کا تعلق ہے میں aspersion کسی محترم جج کے متعلق نہیں کر رہا کسی کے ججمنٹ پر کسی قسم کی تنقید نہیں ہو رہی ہے میں تو صرف یہ کہتا ہوں کہ وہ حکم درست تھا یا غیر درست تھا ۔ ہائیکورٹ کا بڑا بنچ بن رہا ہے وہ فیصلہ کرے گا کہ وہ سنگل جج کا فیصلہ درست تھا یا نہیں میں اس پر تنقید نہیں کر رہا نہ میں اس کو زیر بحث لانا چاہتا ۔ میں تو صرف یہ بات زیر بحث لانا چاہتا ہوں کہ اس ملک کی انتظامیہ اتنی دیدہ دلیر ہو گئی ہے کہ وہ ہائیکورٹ کے احکام کی تعمیل کرنے کو تیار نہیں ۔ اس بات کو زیر بحث نہیں لانا چاہتا کہ مسٹر جسٹس ہمدانی صاحب کا فیصلہ درست تھا یا غلط تھا ۔ میں بالکل اس کو زیر بحث نہیں لانا چاہتا یہ کبھی میرے وہم میں بھی نہیں آ سکتا ۔ اس لئے جناب والا ! میں یہ نہایت ہی ادب سے درخواست کروں گا ۔ محترم وزیر قانون کی خدمت میں آپ کی وساطت سے کہ قانون کی بالادستی کا تقاضا یہ ہے کہ ۔ ۔ ۔

**Malik Mohammad Akhtar :** He is going on facts, Sir. He should confine himself to admissibility.

**Mr. Chairman :** Let him complete his sentence.

خواجہ محمد صفدر : قانون کی بالا دستی کا تقاضا یہ ہے کہ انتظامیہ عدلیہ کی امداد کرے ، حمائت کرے نہ کہ عدلیہ کے راستے میں روڑے اٹکائے ۔ محترم وزیر قانون سے آپ کی وساطت سے عرض کروں گا کہ آپ کے فرائض میں یہ بھی ہے کہ آپ عدلیہ کے وقار کو بلند کرنے میں ممد و معاون ثابت ہوں تاکہ ان کے خلاف ایسی باتوں کی حمائت کریں جس سے کہ عدلیہ کے وقار کو نقصان پہنچے ۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جناب والا ! میں آپ سے عرض کر رہا تھا کہ وہ نشان ذرا نکل گیا تھا ۔

جناب چیئرمین : بہت لمبا ہو رہا ہے ۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : آرٹیکل ۱۹۹

جناب چیئرمین : اس کا ایڈجرنمنٹ موشن سے کیا تعلق ہے ؟

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : میں عرض کر رہا تھا کہ ہائی کورٹ کے اختیارات اس کی بالا دستی کو چیلنج کیا گیا ہے ۔

جناب چیئرمین : نہیں ، نہیں ہائی کورٹ کے اختیارات تو متنازعہ فیہ مسئلہ نہیں ہیں ۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : ہائی کورٹ کے اختیارات کو چیلنج کیا ہے یہی تو متنازعہ فیہ مسئلہ ہے ۔

جناب چیئرمین : سوال یہ نہیں ہے' مولانا صاحب سوال یہ ہے کہ چیف منسٹر سندھ نے آرڈر دیا ہے یا نہیں دیا ہے ۔

This is the crux of the whole thing.

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : ہائی کورٹ کے اختیارات کو چیلنج کیا ہے آرڈر کی تعمیل نہیں کی ۔

جناب چیئرمین : نورانی صاحب دیکھیئے اس وقت جو مسئلہ زیر بحث ہے اس کی بنیاد یہ ہے کہ یہ کہا جاتا ہے کہ چیف منسٹر سندھ نے یہ آرڈر اپنے ہوم سیکرٹری کو دیا ہوا ہے ۔ آپ یہ کہتے ہیں کہ یہ حکم نہیں مانتے آیا چیف منسٹر نے یہ گناہ کیا بھی ہے یا نہیں اگر اس نے کیا ہے تو ایک گناہ ہے ۔ اگر اس نے کہا بھی نہیں ہے تو پھر معاملہ کی کوئی بنیاد ہی نہیں رہی ۔

What is your position with regard to this?

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, they are denying that they made any such orders. But I do not want to take that stand. My stand is that the matter is......

(*Interruption*)

خواجہ محمد صفدر : چیئر بار بار پوچھتی ہے کہ ۔ ۔ ۔ ۔

**Malik Mohammad Akhtar :** Why should I make a statement when you are not competent to take cognisance? I say this Senate is not competent to discuss this matter.

خواجہ محمد صفدر : تو میں کمپیٹنٹ نہیں ہوں لیکن میں یہ یقین رکھتا ہوں کہ چیئرمین صاحب کمپیٹنٹ اتھارٹی ہیں ۔

جناب چیئرمین : نہیں' نہیں انہوں نے سینٹ کے الفاظ کہے ہیں ۔

Senate is not competent. The entire House is not competent.

**Malik Mohammad Akhtar :** It is a provincial matter.

**Mr. Chairman :** I want to be well informed whether anything of the sort alleged by the other side has taken place.

**خواجہ محمد صفدر :** پھر تو اللہ ہی والی ہے -

Has the Chief Minister ordered that the High Court's orders should not be complied with ?

**Malik Mohammad Akhtar :** It is a provincial matter. According to the information given to us they said that we never passed any orders to disobey the orders of the High Court.

**خواجہ محمد صفدر :** جو کچھ سندھ گورنمنٹ کی طرف سے آیا ہے وہ اس ٹیبل پر سامنے رکھ دیں ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہوگا - ہم دیکھ لیں گے کہ آیا انہوں نے انکار کیا ہوا ہے یا نہیں -

**Mr. Chairman :** Well, they are denying it that the Sind Chief Minister has given orders, 'disobey, do not comply.'

**Malik Mohammad Akhtar :** The matter is sub judice.

**Mr. Chairman :** Khawaja Sahib, you do not turn the table over him. The burden of proof is on you to substantiate whether the Sind Chief Minister has really issued any such order.

It is for you to show.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! آج تک وزیر اعلیٰ سندھ نے یا کسی دوسرے شخص نے اس خبر کی تردید نہیں کی جو سارے نیشنل پریس میں شائع ہوئی ہے اور اس کے لئے یہی ثبوت کافی ہے -

**جناب چیئرمین :** یہ ضروری تو نہیں ہے کہ تردید نہیں کی تو یہ ثابت ہو کہ یہ ہوا ہے یا نہیں ہوا - مولانا صاحب میں تو صرف یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب وہ انکار کرتے ہیں کہ یہ بات غلط ہے کہ سندھ کے چیف منسٹر نے کوئی ایسا حکم دیا ہے کہ آپ ہائی کورٹ کے حکم کی تعمیل نہ کریں -

Do not comply with the orders of the High Court.

وہ کہتے ہیں کہ کوئی ایسا آرڈر نہیں ہوا - جب آرڈر نہیں ہوا تو کیا کریں ؟

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** ہوا ہے -

**جناب شہزاد گل :** جناب والا ! اگر نہیں ہوا تو چوہدری ظہور الٰہی کو ہائی کورٹ میں کیوں پیش نہیں کیا گیا وہاں پر کیوں نہیں لایا گیا ؟

**جناب چیئرمین :** دیکھیئے اگر آپ بہت کھینچ تان کر یہ بھی کہہ دیں کہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ہوم سیکرٹری کہہ رہا ہے - وہ تو ذمہ داری سندھ کے چیف منسٹر پر ٹال رہا ہے - آپ کے قول کے مطابق ہوم سیکرٹری یہ کہتا ہے کہ مجھے

چیف منسٹر نے آرڈر دیا ہے اب اگر چیف منسٹر کی طرف سے ہو تو وہ ٹھیک بات ہے وہ انکار نہیں کر سکتا اب ہمیں کیا پتہ کہ ہوم سیکرٹری اپنے آپ کو بچانے کے لئے اور اپنی زمہ داری اپنے اوپر سے ہٹانے کے لئے وہ ذمہ داری چیف منسٹر کے کندھوں پر ڈالتا ہے تو یہ تو بہت برا الزام ہے۔ وہ یہ کہتا ہے کہ چیف منسٹر یہ کر رہا ہے۔ چیف منسٹر کی طرف سے کوئی ایسا بیان نہیں ہے کہ اس نے کہا ہے کوئی ثبوت نہیں ہے کوئی ایسا مٹیریل کوئی ایسا مواد ہمارے سامنے نہیں ہے جس سے کہ ہماری تسلی ہو جائے کہ واقعی چیف منسٹر سندھ نے کوئی ایسا حکم دیا ہے کہ آپ ہائی کورٹ کے احکام کی تعمیل نہ کریں۔

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا اگر انہوں نے حکم دیا تھا تو اظہار میں کون ان کو روک سکتا ہے ؟

**جناب چیئرمین :** دیکھیئے میری بات سنیئے معاملہ اتنا serious ہے۔

**جناب شہزاد گل :** جناب والا ایڈووکیٹ جنرل کے بیان کی تردید کرتے ہیں ایڈووکیٹ جنرل نے ہائی کورٹ میں اس قسم کا بیان نہیں دیا ہے۔

**Mr. Chairman :** Mr. Shahzad Gul, it is no use arguing with me as if you are appearing in a Court of Law and you are arguing with your adversary, the counsel of the opposite side.

میں تو یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہمارے پاس آپ کی طرف سے کوئی ایسا ثبوت تو ہے نہیں کہ واقعی سندھ کے چیف منسٹر نے ایسا کوئی حکم دیا ہے۔ وہ انکار کرتے ہیں اب اگر مان بھی لیا جائے کہ ہوم سیکرٹری کہتا ہے کہ اب ہمیں کیا پتہ ہے کہ سندھ کے چیف منسٹر نے واقعی اتنا گناہ کیا ہوا ہے۔ یہ تو میں آپ کو صاف کہتا ہوں کہ اگر سندھ کے چیف منسٹر نے ایسا کوئی حکم دیا صادر کیا ہوا ہے تو یہ قابل اعتراض ہے۔

It amounts obviously to contempt of court and the High Court will surely take cognizance of it. The burden of your adjournment motion is on the Chief Minister, Sind Government, who had, it is alleged, ordered his Secretaiy not to comply with the orders of the High Court. This is an accusation. This is a charge very serious against the Sind Chief Minister, but the Sind Chief Minister is not admitting this. He is not admitting that he had actually issued such order and it is just possible that the Home Secretary in order to throw the blame from his shoulder and shift it to that of the Chief Minister might have said this. If we take cognizance of this matter it will be a verv serious charge and accusation against the Sind Chief Minister, and we do not know this is correct.

(*Interruptions*)

**Mr. Chairm an** No, no this accusation, this allegation has not been substantiated.

جناب شہزاد گل : جناب والا ! پورے larger Bench کو کس امر کے لئے refer کیا ہے ؟

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, I strongly object at the way the House is being conducted.

(*Interruptions*)

**Mr. Chairman :** Do you mean to suggest, Mr. Shahzad Gul, being a lawer yourself......

(*Interruptions*)

**Mr. Ihsanul Haq :** Point of order, Sir.

**Mr. Chairman :** There is no point of order, Mr. Ihsanul Haq, while I am speaking. I will give you a chance to raise a point of order but let me finish. If the Sind Chief Mininister, as alleged by that side, has really issued any such order, than it is a very serious matter, and rest assured that the High Court will not sleep over it. They will take cognizance of it if there is any material before them to substantiate this charge that the Sind Chief Minister has actually issued any order to his Secretary not to comply with the orders of the High Court. The High Court would not sleep over it. They must take cognizance of this case on the contempt of court side. How can they keep quiet? They will take action, and if the High Court is not taking cognizance of this alleged contempt of court, how can the Senate come into the picture? How can we interfere? This is a matter appropriately fit for the High Court, if the allegations are correct, provided the allegations are correct, to run down the Sind Chief Minister for contempt of court.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! constitution کے تحت ان کو سمن نہیں کیا جا سکتا ۔

جناب چیئرمین : وہ اور بات ہے اگر وہ سمن نہیں کر سکتے تو ہم کیا کر سکتے ہیں ۔

Summon or no summon, that is a different matter. The question is as agreed to by you also, you also agreed to this proposition that it amounts to contempt of court if the Chief Minister has issued any such order. Well, in the beginning, I felt inclined but in view of his denial, I find that there is no sufficient material, no sufficient facts, no sufficient evidence furnished by this side to substantiate the allegation that the Sind Chief Minister has really passed any such order.

Yes, Mr. Ihsanul Haq.

**Mr. Ihsanul Haq :** Sir, I want to draw your attention to two or three things which have happened here. I was watching. The Minister for Law and Parliamentary Affairs is quite an enlightened person, but I must

request him that before he utters any sentence at least he should think twice before saying anything. He has just said that the Senate is not competent.

**Mr. Chairman :** That was a slip of tongue.

**Mr. Ihsanul Haq :** Now, it was an aspersion, I am sorry to say, on the Chair, when he said that he strongly objected at the way in which the House was being conducted.

The Chair is there, the record is there.

(*Interruptions*)

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, I withdraw my words. There is some misunderstanding. I withdraw my words.

(*Interruptions*)

**Mr. Chairman :** Mr. Ihsan, Mr. Ihsan...

(*Interruptions*)

**Mr. Ihsanul Haq :** Yes, Sir.

**Mr. Chairman :** He has accepted the validity of your objection, and he has withdrawn the remarks.

**Mr. Ihsanul Haq :** But, Sir, at the same time tell him when the other Member is speaking why does he interrupt ?

**Mr. Chairman :** When he has withdran it, it means that he has understood. I would not use that term.

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, I do not want to prolong it.

**Mr. Mohammad Hashim Ghilzai** (Leader of the Opposition) **:** Sir, I want just to make a very small statement if you allow me ?

**Mr. Chairman :** Statement on what ?

**Mr. Mohammad Hashim Ghilzai :** On this issue.

**Mr. Chairman :** But you have already spoken on this. How can you make a statement on that now ?

**Malik Mohammad Akhtar :** How is he competent to make a statement?

Under what rule ?

**Mr. Chairman :** I do not want to create a precedent. You see, you have already argued your point. How can you make a general statement? You cannot make a general statement.

وہ اور بات ہے - اگر وہ سمن نہیں کر سکتے تو ہم کیا کر سکتے ہیں ؟

**جناب محمد ہاشم غلزئی :** میں آپ کی اتھارٹی کو چیلنج نہیں کرتا میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں -

**جناب چیئرمین :** ابھی تو میں نے فیصلہ نہیں دیا ہے - میں نے اتنا کہہ دیا ہے کہ ابتدا ہی سے تو میرا یہ خیال تھا کہ معلوم تو ہو کہ اصلیت کیا ہے - لیکن جب آپ نے کہا کہ آرڈر سندھ کے چیف منسٹر نے دیا ہے اور وہ کہتے ہیں کہ نہیں ایسا آرڈر نہیں دیا تو میں خود سوچنے لگا کہ اگر سندھ کے چیف منسٹر کو ون ڈاؤن کیا جائے کیونکہ اگر یہ حکم دیا ہوگا تو سوائے اس کے کہ چیف منسٹر کو کوسا جائے گا ، اس کو کنڈیم کیا جائے گا ، اس پر نکتہ چینی کی جائے گی تو اب ہمیں یہ معلوم ہو جائے کہ کہا واقعی اس نے یہ گناہ کیا ہے یا نہیں کیونکہ یہ تو بڑا serious معاملہ ہے اور اس کے لئے ہمارے پاس کوئی مواد ، کوئی شہادت موجود نہیں ہے -

**جناب محمد ہاشم غلزئی :** اس کا مطلب یہ ہے کہ ہائی کورٹ لاہور نے جو آرڈر دیا ہے اس کی تعمیل نہیں ہوئی - کس کے حکم سے نہیں ہوئی ؟ یہی تو مسئلہ ہے - جو آرڈر ہائی کورٹ لاہور نے دیا ہے کہ اس کو produce کیا جائے اب اس کی تعمیل نہیں ہوئی ابھی تک ان کو نہیں لایا گیا - یہ مسئلہ ہے - اس کی تعمیل نہیں ہوئی تو اس سے یہ نتیجہ اخذ نہیں ہوسکتا کہ چیف منسٹر نے کیا ہے اب آپ کہہ سکتے ہیں کہ گورنر نے کیا ہوگا - صدر نے کیا ہوگا ، چیئرمین سینٹ نے کیا ہوگا -

**جناب محمد ہاشم غلزئی :** حکومت نے روکا ہے حکومت کا حکم ہے -

**جناب چیئرمین :** حکومت کے بڑے بڑے پرزے ہوتے ہیں بڑی مشینری ہوتی ہے -

**جناب محمد ہاشم غلزئی :** ہم حکومت کے ایکشن کی طرف جاتے ہیں افراد کی طرف نہیں جاتے -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** حکومت کی کل بھی ہوتی ہے اور پرزے بھی ہوتے ہیں اجازت ہے جناب والا ! میں ایک بات عرض کرتا ہوں کہ لیڈر آف اپوزیشن کچھ کہنا چاہتے تھے - - - -

**جناب چیئرمین :** آپ نے تو فرما لیا ان کے لئے کافی نہیں ہوا -

**Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi :** Sir, have you given your ruling.

**Mr. Chairman :** I am going to give my ruling.

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** جناب ! لیڈر آف اپوزیشن کچھ فرمانا چاہتے تھے تو اس طرف سے اعتراض یہ ہوا یعنی وزیر قانون و پارلیمانی امور نے کہا کہ کون سے رول کے تحت بولنا چاہتے ہیں لیکن پوائنٹ آف ایکسپلینیشن پر وہ کچھ بیان دینا چاہتے تھے -

This is rule 198. It says :

> "A member may, with the permission of the Chairman, make a personal explanation although there is no question before the Senate.

اس سلسلے میں وہ ایکسپلینیشن دینا چاہتے تھے -

**جناب چیئرمین :** میری بات سنیں - ابھی تو انہوں نے شروع بھی نہیں کیا تھا کہ آپ کو پتہ لگ گیا کہ وہ یہ کہنا چاہتے تھے -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** انہوں نے خود کہا تھا کہ میں کچھ باتیں عرض کرنا چاہتا ہوں تو وزیر صاحب نے کہا کہ وہ کون سے رول کے تحت تو وہ ایسے چیلنج کرتے ہیں کہ معلوم ہوتا ہے کہ کچھ جانتے ہی نہیں ہیں -

**Mr. Mohammad Hashim Ghilzai :** I want to make personal explanation.

**Malik Mohammad Akhtar :** Under what rule.

**جناب چیئرمین :** یہاں پرسنل ایکسپلینیشن کی گنجائش نہیں ہے -

**جناب محمد ہاشم غلزئی :** پرسنل ایکسپلینیشن چند باتوں کی وجہ سے کر رہا ہوں -

**جناب چیئرمین :** یہاں پرسنل ایکسپلینیشن کی گنجائش نہیں ہے دیکھئے اگر کوئی ایسی بات - - - - -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** اب میں آپ کی خدمت میں پرسنل ایکسپلینیشن پر کچھ کہنا چاہتا ہوں - حضور والا ! غلط فہمی یہ ہوگئی یہاں اس پر آپ غور فرمائیں یہ بات اس طرف سے نہیں کہی جا سکتی کہ چیف منسٹر نے آرڈر کی تعمیل کی یا نہیں کی -

**Mr. Chairman :** No, it is not personal explanation.

**Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi :** Point of order.

**Mr. Chairman :** You cannot argue.

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** پوائنٹ آف آرڈر قبول کر لیجئے -

جناب چیئرمین : پوائنٹ آف آرڈر کا مطلب ہوتا ہے کہ تحریک التواء ۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جیسے آپ مناسب خیال فرمائیں ۔

جناب چیئرمین : مجھے تو مناسب نہیں نظر آتا ہے کہ آپ چار دفعہ اٹھے ہیں اور اب یہ پانچویں دفعہ ہے آپ نے کافی کچھ کہہ لیا ہے جو کچھ کہنا تھا ۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : صرف ایک مرتبہ وضاحت کی ہے ۔

جناب چیئرمین : بس وہی کافی ہے ۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : اس کے بعد آپ نے ایک بات پوچھی تھی آئین کی آرٹیکل کے متعلق وہ میں نے عرض کردی ہے ۔

جناب چیئرمین : وہ تو میں نے پڑھ لیا ہے ۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : اس کے بعد میں عرض کرنا چاہتا تھا کہ آپ نے جو ارشاد فرمایا ہے حضور والا ! وہ بالکل بجا ہے کوئی شک نہیں اس میں کہ صحیح ہوگا لیکن سوال یہ ہے کہ آپ موقع دیں کہ ایڈووکیٹ جنرل کا جو بیان ہے اس کی نقل آپ کی خدمت ہم پیش کردیں - جناب ! اس کے لئے بحث کا وقت مقرر کر دیجئے ۔ ہم اخبارات کے علاوہ مزید ثبوت پیدا کردیں گے سب سے بڑی بات یہ ہے کہ چیف منسٹر نے اسے ڈینائی نہیں کیا ۔

جناب چیئرمین : پھر وہی بات ریپیٹ کرتے ہیں ۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : وہی تو میں عرض کرتا ہوں کہ کہ ہم دلائل دے سکتے ہیں آپ کی خدمت میں ایڈووکیٹ جنرل کا بیان جس میں انہوں نے کہا ہے کہ مجھے ہوم سیکرٹری نے کہا ہے کہ چیف منسٹر نے پروڈیوس کرنے سے انکار کر دیا ہے ۔

جناب چیئرمین : یہ تو ہوم سیکرٹری کا ہوگا چیف منسٹر کا نہیں ۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : یہ بیان ہم آپ کی خدمت میں باقاعدہ یعنی اس کی تصدیق شدہ کاپی پیش کر سکتے ہیں جس میں ایڈووکیٹ جنرل کا بیان ہے اس سے بڑا ثبوت کیا ہوسکتا ہے ؟

جناب چیئرمین : آپ پہلے پیش کرتے یہ اب کا معاملہ تو نہیں ہے ۔ یہ تو دس بارہ دن کا معاملہ ہے ۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی: اب آپ وقت مقرر فرمادیں ہم آپ کو پیش کر دیں گے ۔

**Mr. Chairman :** Maulana Sahib, you see, my ruling is that since there is not enough evidence produced by the mover or his supporters to the effect that the Sind Chief Minister has actually issued any order to his Home Secretary not to comply with the orders of the High Court, therefore, I rule it out of order.

جناب محمد ہاشم غلزئی : جناب والا ! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کی اس رولنگ کے خلاف اور حکومت سندھ کے اس ظالمانہ فیصلے کے خلاف ہم چاہتے ہیں کہ اس پر احتجاج کریں اور وضاحت ہم یہ پیش کرنا چاہتے ہیں کہ یہ پاکستان . . .

**Mr. Chairman :** I don't give permission.

جناب محمد ہاشم غلزئی : تو میں حکومت سندھ کے اس فیصلے کے خلاف بطور احتجاج واک آؤٹ کرتا ہوں ۔

(اپوزیشن کے معزز اراکین اس موقع پر ایوان سے واک آؤٹ کر گئے)

**Mr. Chairman :** The time is over. Next.

## MESSAGE FROM THE NATINAL ASSEMBLY *Re* : ADOPTION OF THE PAKISTAN STUDY CENTRES BILL, 1976

**Mr. Chairman :** There is a message gentlemen. This message is from the Secretary, National Assembly addressed to our Secretariat, it reads :

> "In pursuance of rule 109 of the Rules of Procedure and Conduct af Business in the National Assembly, I have the honour to inform the Senate Secretariat thyt the National Assembly passed the Pakistan Study Centers Bill, 1976, on the 16th March, 1976. A copy of the Bill is transmitted herewith. Kindly acknowledge receipt".

Now, we take up legislative business.

## SCHEDULE FOR DISCUSSION ON ADMISSIBILITY OF ADJOURNMENT MOTIONS

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, I have got to make a request that adjournment motions No. 35, 36, 37 and 38 be taken up on Tuesday.

*(At this stage the honourable Members of the Opposition came back in the House)*

**Mr. Chairman :** They can't be taken up today. I am not going to take them today.

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, tomorrow, I will not be here. These may be taken up on Tuesday and not tomorrow, because the other Minister, Mr. Qaim Ali Shah is away.

**Mr. Chairman :** When do you want to take them up ?

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, not tomorrow but on Tuesday.

**Rao Abdus Sattar (Leader of the House) :** Tuesday is holiday.

**Malik Mohammad Akhtar :** Then on Wednesday, Sir, if Tuesday is holiday.

**Mr. Chairman :** Which adjournment motion ? Please qoute the number.

**Malik Mohammad Akhtar :** 35, 36, 37 and 38.

**Mr. Chairman :** These are the four adjournment motions. Who is the Minister concerncd ?

**Malik Mohammad Akhtar :** Mr. Qaim Ali Shah, I and the Railways Minister are the concerned Ministers. I am concerned with 38, Sir.

**Mr. Chairman :** Mr. Qaim Ali Shah, Railways Minister and yourself.

**Malik Mohammad Akhtar :** Railways Minister is abroad.

**Mr. Chairman :** Oh, Railways Minister has gone to Tunisia.

**Malik Mohammad Akhtar :** Mr. Qaim Ali Shah is at Karachi, and I will not be available tomorrow and on Monday for adjournment motion No. 38.

**Mr. Chairman :** Railways Minister has gone abroad, I think. What about Mr. Qaim Ali Shah ?

**Malik Mohammad Akhtar :** He is away, Sir.

**Mr. Chairman :** What about you ?

**Malik Mohammad Akhtar :** I will not available on Friday and Monday, Sir.

**Mr. Chairman :** Now, when do you want me to take up these adjournment motions ?

**Malik Mohammad Akhtar :** On Tuesday or on any day after Monday.

**Rao Abdus Sattar ;** Tuesday is holiday.

**Malik Mohammad Akhtar :** Then on Wednesday, Sir.

**Mr. Chairman :** On Wednesday.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب ! وزیر صاحب کل کہاں جا رہے ہیں ؟

**ملک محمد اختر :** کل لیشنل اسمبلی میں میرا بزنس ہے ۔

**خواجہ محمد صفدر :** آپ پانچ منٹ کے لئے آ جائیں ہم نمبر ۳۸ کر لیں گے ۔

**ملک محمد اختر :** پھر آٹھ بجے کر لیں ۔

**خواجہ محمد صفدر :** ہم تو آٹھ بجے بھی آنے کو تیار ہیں ۔

**جناب چیئرمین :** ایک منٹ ایک منٹ ، ریلوے منسٹر صاحب تو باہر ہیں ۔

**خواجہ محمد صفدر :** وہ ٹھیک ہے ملتوی ہوجائے ۔

**جناب چیئرمین :** قائم علی شاہ بھی نہیں ، تو ۲۴ کو فارورڈ کرلیں گے ۔

**خواجہ محمد صفدر :** نہیں جی میں عرض کرتا ہوں ۔ جب وزیر صاحب ایوان میں تشریف رکھتے ہوں تو صرف آدھ گھنٹے کی بات ہے ۔

**Mr. Chairman :** Are you attending the Senate Session tomorrow ?

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, if it is arranged so.

تو میں آدھ گھنٹے کے لئے آ سکتا ہوں ، نو بجے رکھ لیں ۔

**جناب چیئرمین :** نو بجے تو رکھ لیں تو ۔ ۔ ۔ ۔

**ملک محمد اختر :** نو بجے رکھ لیں تو ساڑھے نو بجے تک اسے ختم کردیں گے ۔

**جناب چیئرمین :** نو بجے رکھ لیتے ہیں پھر ۔

Then you will be here and your adjournment motion can be taken up.

**Malik Mohammad Akhtar :** Yes, Sir, adjournment motion No. 38 can be taken up.

**جناب چیئرمین :** ۳۵ ، ۳۶ ، ۳۷ پر آپ متفق ہیں کہ یہ ملتوی کردیئے جائیں ؟

**خواجہ محمد صفدر :** وہ تو ظاہر ہے جب وزراء صاحبان نہیں ہیں تو ۔ ۔ ۔

**Mr. Chairman :** All right. Let me give directions about them. These adjournment motions No. 35, 36 and 37 should be taken up on 24th March and is 38 y ours.

**Malik Mohammad Akhtar :** Yes, Sir.

**Mr. Chairman :** This will be taken up tomorrow, provided we meet at 9.00 a. m. Will you be able to muster quorum ?

**Malik Mohammad Akhtar :** Let us try, Sir, if it is possible.

**خواجہ محمد صفدر :** میں جناب ! صرف اپنی انفارمیشن کے لئے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ نیشنل اسمبلی کا اجلاس کل کس وقت ہو رہا ہے ؟

**Mr. Chairman :** Not at 9.00.

**خواجہ محمد صفدر :** نہ جی دن کے وقت ۔

**Mr. Chairman :** Not at 9.00 definitely.

**خواجہ محمد صفدر :** محترم وزیر صاحبہ کو علم ہوگا کہ دس بجے سے گیارہ بجے تک تو وہاں سوالوں کا وقت ہوگا ۔

**ملک محمد اختر :** کل جمعہ کو سوالات نہیں ہیں ۔

**خواجہ محمد صفدر :** جمعہ کو یہاں سوالات نہیں ہوتے اچھا ٹھیک ہے ۔

**ملک محمد اختر :** وہاں بھی نہیں ہوتے یار ہر بات کی تردید کرتے ہو ۔

**خواجہ محمد صفدر :** وہاں کا ضابطہ بھی یہی ہے تو ساڑھے نو بجے آجائیں گے ۔ یہ بڑا اہم مسئلہ ہے ۳۸ والا ۔

**ملک محمد اختر :** نو بجے رکھیں پھر ساڑھے نو بجے کام شروع ہوگا ۔

**خواجہ محمد صفدر :** ہم آ جائیں گے اچھا جائیں تو یہ ہوجائے گا ۔

**جناب چیئرمین :** یہ آپ کی طرف سے چونکہ ہیں نہ آئیں تو پھر ؟

**خواجہ محمد صفدر :** ہم ہیں اور ہم تو آ جائیں گے ۔

**ملک محمد اختر :** ہم اپنے ممبران صاحبان سے التجا کریں گے نو بجے ٹائم رکھ لیا جائے ۔

**Mr. Chairman :** There is a gentleman, the Ambassador of Sri Lanka, I have given him time at 9.00 a. m. tomorrow.

خواجہ محمد صفدر : ساڑھے نو بجے ٹھیک ہے ۔

جناب چیئرمین : ساڑھے نو بجے میں آ سکتا ہوں ۔

I will receive him at 9.00.

ملک محمد اختر : میں پورے ساڑھے نو یہاں موجود ہوں گا ۔

**Mr. Chairman :** No, you must be here with your six gentlemen at 9.30. Any gentleman who fails to bring his team of six on his side will be responsible for the consequences.

ملک محمد اختر : پھر تو جناب ! ان کو بریکفاسٹ دینا پڑے گا ۔

جناب چیئرمین : اگر آپ اس جھگڑے سے جان چھڑانا چاہتے ہیں تو پھر بریک فاسٹ آپ کو دینا پڑے گا ۔

Now, this will be taken up tomorrow at 9.30 definitely.

Now, we take up legislative business.

## THE LABOUR LAWS BILL, 1976

**Mr. Chairman :** Was this motion moved yesterday ?

**Mr. Abdul Sattar Gabol** (Minister of State for Labour and Manpower) : Sir, the motion was moved yesterday, and the two honourable Members wanted to speak.

**Mr. Chairman :** Was the third reading motion moved ?

**Mr. Abdul Sattar Gabol :** Yes, Sir.

**Mr. Chairman :** So, the discussion had not started. Was it opposed?

**Khawaja Mohammad Safdar :** It was opposed.

**Mr. Chairman :** Then you start, yes, Mr. Shahzad Gul !

جناب شہزاد گل : اپوز کیا ہے لیکن تقریر نہیں کرتے ۔

جناب چیئرمین : آپ کچھ بولیں گے وہ تو تقریر نہیں کرتے ؟

All right. Should I put the question ? Would you like to speak ?

**Mr. Abdul Sattar Gabol :** Yes, Sir, I would like to say a few words on this Bill.

جناب چیئرمین : جب وہ تقریریں نہیں کرتے تو پھر آپ کیا کہتے ہیں ؟

جناب عبدالستار گبول : ٹھیک ہے ۔

**Mr. Chairman:** All right. Then, I put the question.

The queestion before the House is :

"That the Bill further to amend certain laws relating to industrial relations and welfare of workers [The Labour Laws (Amendment) Bill, 1976], be passed".

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman:** The Bill stands passed.

Yes, you are not happy with the result, Mr. Gabol.

**Mr. Abdul Sattar Gabol:** I am satisfied, Sir. Thank you.

**Mr. Chairman:** Now, Mr. Abdul Hafeez Pirzada, item No. 4.

## THE FEDERAL SUPERVISION OF CURRICULA, TEXT-BOOKS AND MAINTENANCE OF STANDARDS OF EDUCATION BILL, 1976

**Mian Mohammad Attaullah** (Minister of State for Education) : Sir, on behalf of Mr. Abdul Hafeez Pirzada, I beg to move :

"That the requirements of sub-rule (2) of rule 83 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1973, in regard to the Bill to make provision for Federal supervision of curricula, tex-books and maintenance of standards of education [The Federal Supervision of Curricula, Text-books and Maintenance of Standards of Education Bill, 1976], as reported by the Standing Committee, be dispensed with".

**Mr. Chairman:** The motion Moved is :

"That the requirements of sub-rule (2) of rule 83 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1973, in regard to the Bill to make provision for Federal Supervision of Curricula. Text-books and maintenance of standards of education [The Federal Supervision of Curricula, Text-books and Maintenance of Standards of Education Bill, 1976], as reported by the Standing Committee, be dispensed with";

**Khawaja Mohammad Safdar :** Opposed.

**Mr. Chairman :** Yes, would you like to say something.

(*Interruption*)

**Mr. Chairman :** Our Senate is flexible enough not to make a rigid precedent. We are very flexible. So far we have been so flexible that if the Law Minister says Senate is not competent, including himself, he forgets that. You see, you withdraw those remarks. When he said Senate, he did not think of himself that here he is also a part of the Senate. His only request was that it should not be taken as precedent for the future. I, said, no, Senate is a flexible institution. It does not believe in rigid precedent.

So, the question before the House is :

"That the requirements of sub-rule (2) of rule 83 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1973, in regard to the Bill to make provision for Federal supervision of curricula, text-books and maintenance of standards of education [The Federal Supervision of Curricula, Text-books and Maintenance of Standards of Education Bill, 1976], as reported by the Standing Committee, be dispensed with".

(*The motion was adopted*)

**Mr. Chairman :** The requirements of sub-rule (2) of rule 83 are dispensed with.

Now, item No. 5.

**Mian Mohammad Attaullah :** Sir, on behalf of Mr. Abdul Hafeez Pirzada, I beg to move :

"That the Bill to make provision for Federal Supervision of curricula, text-books and maintenance of standards of education [The Federal Supervision of Curricula, Text-books and Maintenance of Standards of Education Bill, 1976], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once".

**Mr. Chairman :** The motion made is :

"That the Bill to make provision for Federal supervision of curricula, text-books and maintenance of standards of education [The Federal Supervision of Curricula, Text-books and Maintenance of Standards of Education Bill, 1976], as reported by

S

Sir,

[Mr. Chairman]

the Standing Committee, be taken into considera-
tion at once".

**Khawaja Mohammad Safdar :** Opposed, Sir.

**Mian Mohammad Attaullah :** Sir, I will make a short statement on this. The Bill is very clear and I am sorry to say that this is being opposed. It is a very important Bill and very necessary for the education standard in Pakistan. It is also in confirmity with the Education Policy from 1972 to 1980. We all know that People's Government is paying a lot of attention to the education side and lot of expansion has taken place and lot of new schools, colleges and universities have been opened. Complaints have been received by the Government, in certain places rightly so, and it has been voiced by the Opposition and others and also that the standard of education is not being maintained and certain books of curricula are objectionable. This Bill is precisely meant for the purpose that according to the Education Policy of the Government, the Federal Government is to control the standard of education and maintainance of standards, curricula, text-books and all other relevant matters, and this Bill is being brought for the purpose. This Bill has been thoroughly debated in the National Assembly and for two days the debate went on and it was after that, that this Bill was passed. Now this Bill is before the Senate and I am amazed that such a good step which is being taken by the Government—actually this step should have been taken long time ago by previous Governments. You know that the standards of education in our country were not upto the mark. The agro-technical education was not being imparted and education was not in accordance with the needs and requirements of our people, the economic set up and other things. These aspects were overlooked by the previous Governments but since our Government has come into power we have paid a lot of attention and we have spent a lot of money. This sector has been expanded and now to carry it forward and to maintain standard and really bring it upto the educational requirements and needs of the people of Pakistan, it is extremely necessary that this Bill be passed immediately. Boards have already been set up, the Ordinance is already there and the Curricula Committees are already making curricula. This is already being implemented and as soon as the Bill is passed it will be implemented all over the country, in all the four provinces. We want to bring up the standard of education, the examinations and other things. This is the perpose of bringing this Bill. This is the only thing I have to say and I will again say that this Bill be passed and it should be passed unanimously by the Senate, because this is for the good of every Pakistani that this should be passed.

**Mr. Chairman :** Mr. Ghilzai, Leader of the Opposition.

*(At this stage the Chair was vacated by Mr. Chairman and occupied by Presiding Officer, Mr. Ahmad Waheed Akhtar)*

**جناب محمد ہاشم غلزئی :** میں اس بل کی مخالفت بعض باتوں کی بنا پر کروں گا سب سے پہلے میں یہ عرض کروں گا کہ جیسا کہ ہمارے محترم وزیر صاحب فرماتے ہیں

کہ ایجوکیشن پالیسی کے مطابق اس تعلیمی نظام کو لانا چاہتے ہیں جبکہ آپ کی ایجوکیشن پالیسی پر سب سے بڑا اعتراض ہے۔ معاشرے کی ضروریات کو مد نظر رکھ کر پالیسی بنانا پڑتی ہے تعلیم کا مقصد یہ ہے کہ معاشرے کی جو ضروریات ہیں سیاسی تعلیمی فنی سائنسی تکنیکی جو ضروریات ہیں انہیں پورا کیا جا سکے تاکہ معاشرے کے افراد اس سوسائیٹی کی ضروریات کو پورا کر سکیں۔ یہاں پر ہماری بدقسمتی سے جو ہماری تعلیمی پالیسی ہے وہ اب تک لارڈ مکالے کی طرز پر چلی آ رہی ہے۔ اس پالیسی کو مد نظر رکھ کر پالیسی وضع کی جا رہی ہے اور اس کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ ہمارے ملک میں تعلیم نے سوائے اس کے کہ کچھ کلرکس پیدا کرنے کے اور کوئی اہم کام سر انجام نہیں دیا باہر کے ملکوں میں آپ جا کر دیکھیں یورپ میں اگر آپ کسی بچے کو کسی سکول میں داخل کروانا چاہیں تو وہ آپ سے پوچھیں گے بچے کو کس قسم کی تعلیم دلوانا چاہتے ہیں آیا پروینشنل ہونی چاہیئے یا انجینئرنگ کی ہونی چاہیئے یا ٹیکنیکل ہونی چاہیئے۔ یہاں پر جو سکول ہیں ان میں ہر قسم کی تعلیم دی جاتی ہے ان میں ہر کام سکھایا جاتا ہے۔ سوائے ٹیکنیکل اور تکنیکی کاموں کے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ یہاں پر ترقیاتی کاموں کے لئے باہر سے لوگ منگوانے پڑتے ہیں۔ چونکہ یہ ایک ترقی پذیر ملک ہے اس لئے تعمیری کاموں کے لئے باہر سے لوگ منگوانے پڑتے ہیں۔ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ پہلے بھی اس پہلو کو مد نظر نہیں رکھا گیا کہ تعلیمی پالیسی کو معاشرے کی ضروریات کے مطابق ہونا چاہیئے دوسری بات میں یہ عرض کروں گا کہ تعلیم کا مسئلہ اس آئین کے مطابق پراونشنل سبجیکٹ ہے یا یہ صوبائی خود مختاری کا بھی مسئلہ ہے۔ ان میں شک نہیں کہ اس کو کانکرنٹ لسٹ میں بھی رکھا گیا ہے مگر کانکرنٹ لسٹ میں رکھنے کا یہ مطلب نہیں کہ صوبوں کو بالکل نظر انداز کر دیا جائے اس کو اختیارات ہی نہ دیے جائیں کہ وہ اپنے حالات کے مطابق اپنی ایجوکیشنی پالیسی وضع کریں۔ بدقسمتی سے ہمیں یہ کہنا پڑتا ہے کہ اس آئین کے مطابق جو صوبوں کو اختیارات دیے گئے ہیں ان کے مطابق بھی عمل نہیں کیا جاتا اور صوبائی خود مختاری کو مفلوج کر کے رکھ دیا گیا ہے۔ تعلیم صوبے کا بنیادی مسئلہ ہے۔ جیسا کہ ہر ملک کے علیحدہ مسائل ہوتے ہیں اور اس کی اپنی ضروریات ہوتی ہیں اسی طرح سے صوبے کی بھی اپنی معاشی ضروریات ہوتی ہیں۔ اس لئے بہتر یہ تھا کہ اس کو صوبے کے حوالے کر دیتے۔ لیکن اگر آپ کانکرنٹ لسٹ میں ہونے کی وجہ سے چاہتے ہیں کہ اس پر قانون سازی کریں تو پھر یہ ہونا چاہیئے کہ صوبائی حکومتوں کو اعتماد میں لے کر ان سے مشورہ لیتے اور ان کے مشورے کے مطابق تعلیمی پالیسی کو قانون کی شکل میں پیش کرتے اس دفعہ انہوں نے صوبوں کو بالکل نظر انداز کر دیا ہے صوبوں کی اپنی ضروریات ہوتی ہیں ہر ایک صوبے کی تعلیم کا معیار مختلف ہو سکتا ہے ان کی ضروریات مختلف ہوتی ہیں مثلاً اگر آپ بلوچستان میں زرعی طریقہ تعلیم کو اہمیت دیں گے تو وہ

[Mr. Mohammad Hashim Ghilzai]

کارگر نہیں ہوگا کیونکہ وہ زرعی صوبہ نہیں ہے صنعتی صوبہ ہے اس لئے اگر آپ وہ نصاب جو کہ پنجاب کے لئے یا سندھ کے لیے رکھیں گے وہی نصاب بھی بلوچستان کے لئے بھی رکھیں گے یا فرنٹیر کے لئے رکھیں گے تو وہ کامیاب نہ ہو سکے گا۔ وہاں کے لئے تعلیمی نصاب کو مرتب کرتے وقت اس صوبے کے صنعتی ہونے کو بھی مد نظر رکھا جاتا اس کے لئے صنعتی و تکنیکی نصاب زیادہ بہتر ہوتا۔ اس پہلو کو تو بالکل نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ آپ جو کتابیں مرتب کریں گے وہ تمام صوبوں کے لئے ہوں گی اب وہ صوبوں کے حالات سے مختلف ہوں گی مثلاً پہلی جماعت کے نصاب میں لکھیں گے۔ "مینگو ٹری" آم کا درخت یا آم کا ذکر کریں گے تو وہ وہاں کے بچے نہیں سمجھ سکیں گے۔ اس لئے وہاں کی کتابیں وہاں کے حالات کے مطابق ہونی چاہیں۔ وہاں آم کی بجائے سیب کا ذکر کریں انگور کا ذکر کریں۔ وہاں پر جو مختلف قسم کے جانور ہیں جو کہ یہاں پر عام نہیں ملتے۔ تو میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہر ایک صوبے کے ہر ایک ریجن کے حالات مختلف ہوتے ہیں وہاں کی ضروریات بھی مختلف ہوتی ہیں۔ اس لئے ان کو مد نظر رکھ کر حکومت ایک پالیسی وضع کرے جو حالات کے مطابق ہو ورنہ وہ مقاصد جو یہ حاصل کرنا چاہتے ہیں نہ حاصل کر سکیں گے۔ دوسری بات یہ ہے کہ وزیر صاحب نے کہا ہے کہ چونکہ یہ مرکز کی طرف سے پیش ہو رہا ہے اس لئے اس کو پاس کیا جائے۔ تو ہم کہتے ہیں کہ چونکہ مرکزی حکومت کو concurrent list میں یہ حق حاصل ہے کہ وہ اس قسم کے قانون وضع کر سکے۔ مگر صوبوں کی خود مختاری میں مداخلت کر کے آپ صوبوں کو مفلوج کرتے ہیں اور اس طرح اپنے لئے ایک اور سیاسی شوشہ پیدا کریں گے۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : خواجہ صاحب یہ وعدہ ہوا تھا کہ آج اس بل کو پاس کرنا ہے۔

خواجہ محمد صفدر : فرسٹ ریڈنگ ختم کریں گے۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : کل یہ بات طے ہوئی تھی کہ دو مقرر بولیں گے وہ بھی دوستوں نے کرم فرمائی کی ہے وہ نہیں بولے۔ لیکن اب اس کے بعد جتنے مقرر بولنا چاہیں بے شک بولیں۔

But this was decided that this will be through today.

خواجہ محمد صفدر : بڑی دیر ہو جائے گی۔ وہ دوسرا بل تھا یہ بل تو انہوں نے اب لا کر رکھ دیا۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : کل اسٹینڈنگ کمیٹی کی رپورٹ آ گئی تھی تو خواجہ صاحب پر بھی اور مولانا صاحب آپ پر بھی یہ واضح تھا۔

خواجہ محمد صفدر : آپ بجا فرماتے ہیں کہ یہ واضح تھا کہ ہم آج اس بل پر غور کریں گے لیکن پہلے تو اجلاس پون گھنٹہ دیر سے شروع ہوا اور اب بارہ بجنے میں پانچ منٹ رہتے ہیں تو کیا ڈیڑھ گھنٹے میں آپ توقع رکھتے ہیں کہ ایسا contravertial Bill پاس ہو ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : میں تو contraversy میں پڑنا ہی نہیں چاہتا میں تو صرف یہ یقین دہانی کروانا چاہ رہا تھا کہ کل یہ بات طے ہوئی تھی کہ آج بل پاس کر دیں گے ۔

خواجہ محمد صفدر : اگر وقت پر کام شروع ہو جاتا تو اور بات تھی ۔

**Mian Mohammad Attaualllh :** Sir, may I say something? I would remind honurable Senator Khawaja Safdar Sahib that I had requested him yesterday that the Bill may be passed today as thereafter neither myself nor Mr. Abdul Hafeez Pirzada will be present. We are going out on tour tomorrow, and we will not be here, and I specially requested him for this very purpose. That was the reason for the request and for insisting on this, and he had agreed that it will be finished today. Sir, the Bill is not a very long one. It is a short Bill—just seven clauses and it can be easily passed today. We are prepared to sit a little late. As many honourable Members want to speak, they can speak. I would like to make the speech in the third reading to wind up the whole thing.

جناب صدارت کنندہ آفیسر : خواجہ صاحب یہ فرما رہے ہیں کہ وہ کوشش کریں گے جب کوشش کریں گے تو بل پاس ہو جائے گا پرنسپلز پر تو بات کرنی ہے اور اس میں کون سی لمبی بات کرنی ہے ؟

جناب شہزاد گل : جناب والا ! اگرچہ یہ بل بہت چھوٹا اور مختصر دکھائی دیتا ہے لیکن اس کی implecations بہت گہری ہیں اور بہت دور تک جاتی ہیں اس وجہ سے ہم اس بل کی مخالفت میں بول رہے ہیں ویسے یہ نہیں ہے کہ ہم مخالفت برائے مخالفت کر رہے ہیں ۔ جناب والا ! جیسا کہ ہمارے لیڈر صاحب نے ابھی فرمایا اس میں شک نہیں کہ curricula اور ٹیکسٹ بک جو ہیں یہ آئین میں concurrent list میں ہیں اور مرکزی حکومت کو یہ اختیار حاصل ہے کہ اس کے متعلق وہ قانون سازی کرے ۔ لیکن بنیادی طور پر چونکہ یہ ملک ایک وفاقی ملک ہے اور ہمیشہ وفاق میں یہ لکھا جاتا ہے کہ صوبوں کی خود مختاری میں دخل، مداخلت نہ آئے اس کے ساتھ ہی مقامی زبانیں ہوتی ہیں ۔ ثقافت ہوتی ہے اور مختلف حالات ہوتے ہیں ان کے مطابق مختلف علاقوں ۔ مختلف صوبوں میں تعلیمی ادارے نصابی کتابیں چھاپتے ہیں اور صوبوں میں مختلف زبانوں میں ۔ صوبوں کے حالات کے مطابق ایسی چیزیں رکھی جاتی ہیں ، تاکہ مقامی بچے اسے سمجھ سکیں اور اس طرح تعلیم سے فائدہ حاصل ہو سکتا ہے ۔ جناب والا ! ہمارا ایک اور اعتراض صوبائی خود

[Mr. Shahzad Gul]

مختاری میں مداخلت بھی ہے اس پر میں زیادہ بولنا نہیں چاہتا کیونکہ ہمارے لیڈر صاحب اس پر بول چکے ہیں - جناب والا ! اس کے ساتھ ہی یہ بل یونیورسٹیوں اور تعلیمی اداروں کی خود اختیاری میں مداخلت کے مترادف ہے ۔ موجودہ حکومت کی تعلیمی پالیسی میں یہ واضح طور پر درج ہے کہ تعلیمی اداروں کی جو آٹو نامی ہے :

> "Providing academic freedom and continued backing to educational institutions within the framework of national objectives and requirements."

تو یہ وعدہ کیا گیا ہے موجودہ حکمران پارٹی کی تعلیمی پالیسی میں کہ academic freedom ہوگی اور تعلیمی اداروں کو خود اختیاری حاصل ہوگی - ایک یونیورسٹی یا ایک تعلیمی ادارہ ہے اس کا اپنا نصاب ہوگا اور یہاں سے مرکز سے ان کے لئے قانون بنایا جائے گا - ان کو ہدایت کی جائے گی کہ فلاں جو کتاب ہے ایسے ہوتی - فلاں جو چارٹر ہے ایسا ہوتا حالانکہ ان کے حالات کے مطابق وہ ایسا ہوگا - اس طرح اس بل سے تعلیمی اداروں کی خود اختیاری جو کہ ایجوکیشن میں دی گئی ہے وہ مجروح ہوگی اور ختم تصور ہو جائے گی - ہمیں اس پر اعتراض ہے - جناب والا ! بل میں ایسا بھی نہیں ہے - اگر خواہ مخواہ صوبائی خود مختاری میں مداخلت کر کے اور تعلیمی اداروں اور یونیورسٹیوں کی خود اختیاری میں مداخلت کر کے مرکزی حکومت اختیارات بھی حاصل کرنا چاہتی ہے تو پھر کسی قسم کا comprehensive Bill لائے - اس میں کہا ہے کہ competent authority مقرر کی جائے گی - competent authority کے کوئی اختیارات نہیں ہیں - وہ صرف سکیم بتائے گی - اور اب یہ ہے کہ ہمیں یہ بل میں واضح نہیں کیا جا رہا ہے پھر کہتے ہیں کہ رول بنائے جائیں گے - فیڈرل گورنمنٹ رول بنائے گی - اب رولز کا ہمیں پتہ نہیں کہ ان رولز میں کیا کچھ ہوگا - بل واضح نہیں ہے competent authority کے متعلق اور رول گورنمنٹ بنائے گی آیا وہ پارلیمنٹ کے سامنے آئیں گے یا نہیں - ہمیں کسی قسم کا پتہ نہیں لگے گا کہ گورنمنٹ یعنی وفاقی حکومت تعلیم کے ساتھ کیا کچھ کرنے والی ہے اور یہ سلسلہ اسی طرح چلے گا - اب ہمیں یہ خدشہ ہے کہ بجائے فائدے کے اس سے کافی نقصان ہوں گے اور اس میں مزید خطرات کا خطرہ ہے اس کے علاوہ جناب والا ! سیکنڈ ریڈنگ میں جو ترامیم دی ہیں ان پر بحث کروں گا - ان ہی گذارشات کے ساتھ میں ختم کرتا ہوں -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : میرے خیال میں اور کوئی دوست اس بل پر فرسٹ ریڈنگ میں بولنا نہیں چاہ رہے -

(اس مرحلے پر جناب کامران خان جناب محمد شریف صاحب اور حاجی نعمت اللہ خان کھڑے ہوئے)

**Mr. Presiding Officer :** Yes, Maulana Sahib ?

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** میرے پیش نظر Federal supervison of curriculla text-books and maintenance of standard of education Bill ہے یہ تعلیمی پالیسی جو اس حکومت نے نافذ کی تھی اس کے بنیادی مقاصد کو بروئے کار لانے کے لئے وضع کیا گیا ہے اس کے statement of objects میں ایسا کہا گیا ہے اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ بل قوم کے لئے کسی خیر کا باعث نہیں بنے گا - اس میں بے شمار خامیاں ہیں اور ان کی طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی - چاہیئے تو یہ تھا کہ پاکستان کے پورے نظام تعلیم کو اسلامی ڈھانچے میں ڈھالا جاتا اور ہماری اخلاقی روحانی اور علمی اقدار جن کے ہم مالک ہیں ان کو اس بل اجاگر کیا جاتا ان کے تحفظ کا سامان کیا جاتا لیکن افسوس ہے کہ ایسی کوئی بات مجھے اس بل کے مقاصد میں نظر نہیں آئی جہاں تک دوسرے پہلو کا تعلق ہے وہ یہ ہے کہ اردو قومی زبان ہے اور قومی زبان کے فرق کے لئے جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے اور وزیر تعلیم نے جو منصوبہ تدریس بنایا تھا اس میں اردو کی تعلیم کا جہاں تک تعلق ہے نہ ہونے کے برابر ہے اس میں علاقائیت اور ان زبانوں کو جو علاقائی ہیں تھوڑا بہت ان کو یا پھر انگریزی زبان کو فروغ دیا گیا ہے انگریزی کا تحفظ کیا گیا ہے - وہ نصاب تعلیم میرے پیش نظر تھا - کچھ کتابیں جو کہ قومی منصوبہ تدریس نے شائع کی تھیں وہ بھی دیکھیں ہیں قومی ادارہ نصاب اور دوسری کتب میں زبانوں کی تدریس کے لئے اس منصوبہ میں ہفتے وار ابتدائی جاعتوں میں بارہ اور وسطانی جاعتوں یعنی مڈل اسکولز میں سولہا پیریڈز منظور کئے گئے ہیں -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** مولانا صاحب - مجھے آپ کا بے حد احترام ہے اور آپ نے یہ جو کچھ ارشاد فرمایا اس کا اپنا مقصد ہے لیکن اس بل کے بارے میں کچھ فرمائیں یہ کریکیولا ٹیکسٹ بک کے متعلق ہے آپ اس کے متعلق گفتگو فرماتے -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** ٹیکسٹ بک کے متعلق بات اسی موقع پر ہوگی -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** اس طرح تو پھر گفتگو لمبی ہو جائے گی - مجھے آپ کی اس گفتگو پر اعتراض نہیں ہے اس کا اپنی جگہ پر ایک مقام ہے - اس میں علاقائی زبانوں کا مسئلہ بھی ہے اور مذہبی مسئلہ بھی ہے لیکن اس وقت جو مسودہ زیر بحث ہے اس میں ہے کہ ٹیکسٹ بکس کو کون سپر وائز کرے گا کہ اس کتاب میں یہ میٹر ہے کیا لکھا ہوا ہے اور کیا نہیں -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** میں مثال کے طور پر عرض کر رہا ہوں کہ یہ بات جو اس وقت پیش نظر ہے اس کی کوئی افادیت نہیں ہوگی کیونکہ ایسا ہوتا رہا ہے وہ میں مثال کے طور پر عرض کر رہا ہوں -

**Mian Mohammad Attaullah:** Sir, I am sorry. The honourable Senator probably has not understood this Bill. This Bill is being brought for this very purpose to create a unity in the whole of education system of the country.

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** میاں صاحب - آپ نے پہلے بھی فرمایا اب جو کچھ فرمانا ہو وہ جواب میں وائنڈاپ کرتے ہوئے فرما لینا - جی بسم اللہ اگر ہو سکے تو مختصر -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** آپ کے آرڈر کی تعمیل کروں گا -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** کیونکہ کل بھی آپ نے وعدہ کیا تھا اور ٹائم نکل گیا تھا آج پھر میں چاہتا ہوں کہ بل آج ہی پاس ہو جائے

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** سینٹ کا اجلاس تاخیر سے ہوا ہے اور کبول صاحب کراچی جانے کے لئے بے تاب تھے اس لئے ان کو چھٹی دی جائے -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** وہ تو چلے گئے -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** جی اس لئے چلے گئے اور میاں صاحب تو شاید اسی قسم کے لوگوں میں سے ہیں وہ بیٹھ سکتے ہیں -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** جی فرمائیے کچھ ٹیکسٹ بک کی باتیں -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** میں عرض کر رہا تھا کہ قومی ادارہ نصاب بھی ہے اور ان تمام چیزوں کو دیکھنے کے بعد جو بھی اس نے کچھ کام کئے ہیں یہ محسوس ہوتا ہے کہ یہ بل جو ہے یہ بھی اپنے مقاصد کو پورا نہیں کرے گا اس لئے قومی زبان اردو جو ہے میں اس سلسلے میں عرض کر رہا تھا کہ سولہا پیریڈ ہیں ابتدائی جماعتوں میں بارہ ہوتے ہیں اور اس کے بعد سولہا ہوتے ہیں چھوٹی جماعتوں میں اور اس کے بعد چھ سولہا میں سے انگریزی کے لئے مخصوص کئے گئے ہیں اور باقی زبانیں جو ان کے لئے مخصوص ہیں - باقی چھ اردو کے لئے ہیں - اسی طرح پہلے ہی سے ایک پلان کے تحت نصاب تعلیم چل رہے ہیں اور اب ہم سے مزید منظوری لے رہے ہیں تو پہلے جو انہوں نے نصاب تعلیم مرتب کیا ہے اس میں بے شمار غلطیاں ہیں اور اب اس بل کے ذریعے سے یہ ان غلطیوں کا ازالہ نہیں کر رہے ہیں بلکہ ان میں اضافہ کر رہے ہیں اس لئے کہ وہ پہلے صوبائی حکومت کے تحت کام کر رہے ہیں اور میں جناب کی توجہ اس طرف بھی مبذول کراؤں گا - میں نظام تعلیم کریکولم اور ٹیکسٹ بک اور اس کے ساتھ ساتھ یہ جو انہوں نے دیا ہے اسٹینڈرڈ آف ایجوکیشن بل اس میں تینوں چیزیں آ گئی ہیں ٹیکسٹ بک بھی ہے اور مینٹیننس آف ایجوکیشن بھی اس اسٹینڈرڈ آف ایجوکیشن میں ایک تو یہ پیش نظر رکھا ہوتا کہ ہماری تعلیم جو ہے وہ پورے

نظام تعلیم کا محور اور مرکز ہو اور اس کے ساتھ ساتھ اسلامی نظام تعلیم کو فروغ دینے کی ضرورت ہے تو قومی زبان کا اس میں ایک بنیادی اور اہم حصہ ہے۔اس کے ساتھ عربی زبان کا بھی ایک بڑا اہم حصہ ہے اور میں آپ کی توجہ اس طرف مبذول کراؤں گا کہ بنگلہ دیش کی ہم سے جدائی کا ایک سبب یہ تھا کہ ہمارا نظام تعلیم بنیادی طور پر اسلامی نہیں تھا اور بنیادی طور پر اس کو اسلامی بنانے کے لئے یہ ضروری ہے کہ عربی اس میں موجود ہو تاکہ عام مسلمان بچہ براہ راست سمجھ سکے چنانچہ انہوں نے مشرقی پاکستان کے المیے سے تجربہ حاصل کیا اور ابھی حال ہی میں سیرت کانگریس منعقد ہوئی اس میں محترم بھائی بنگلہ دیش کے مندوب بھی تشریف لائے ڈاکٹر سراج الحق ڈھاکہ یونیورسٹی کے ہیڈ آف عریبک ڈیپارٹمنٹ ہیں ۔ انہوں نے بڑی معنی خیز بات کہی اور میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے لئے انہوں نے ایک مواد فراہم کیا ایک روشنی مہیا کی جس کے اجالے میں آئیندہ ٹیکسٹ بکس اور اسٹینڈرڈ آف ایجوکیشن کو مرتب کرنے کے لئے اس بات کو پیش نظر رکھیں ۔ انہوں نے فرمایا کہ یہ ایک جلسہ جو کہ ایک سیرت کانگریس کا تھا اس میں اتنا مقالہ پڑھا گیا یہ ریلیجس انٹرویو کے نام سے ڈان نے اس کو اپنے مارچ سترہ کے شمارے میں نقل کیا :

> Dr. Sarajul Haq strongly advocated for the teaching of Arabic language in all the Muslim countries from the early stages of education.

میں جو کچھ عرض کرنا چاہتا تھا وہ یہ تھا کہ جب تک نظام تعلیم میں بنیادی طور پر اسلام کو اہمیت نہ دی جائے اور اسلام کو اہمیت دینے کے لئے ضروری ہے کہ عربی زبان کو طلباء کے ذہن نشین کرایا جائے اور اس کے لئے ان کو تمام سہولتیں بہم پہنچائی جائیں اور ایسا بڑی آسانی سے ہو سکتا ہے اس لئے کہ ہر طالب علم مسجد میں گھر میں مکتب میں قرآن مجید فرقان حمید کی تعلیم حاصل کرتا ہے اور اس سے اس کو عربی کے پڑھنے میں آسانی ہو گی اور وہ اس سے مانوس ہوتا ہے میں یہ دیکھتا ہوں کہ جو نصاب تعلیم مرتب کیا جا رہا ہے اس کی بنیاد ان مذہبی اقدار ان روحانی اقدار پر نہیں رکھی جا رہی ہے اور نہ اس سلسلے میں بظاہر کوئی کوشش نظر آتی ہے اور اگر آتی بھی ہے تو اس کے نتائج ہم پورے ملک میں دیکھ رہے ہیں کہ کبھی طلبا ہڑتال کر رہے ہیں اور کبھی اساتذہ ہڑتال کر رہے ہیں اور کورس کی کتابوں کا یہ حال ہے کہ کبھی ملتی ہیں اور کبھی نہیں ملتیں اور اگر ملتی بھی ہیں تو ان میں مضامین حد درجہ قابل اعتراض ہوتے ہیں مذہب کا ان میں کوئی عمل دخل نہیں ہوتا اس کے ساتھ ساتھ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ یہ بل قوم کی صحیح طور پر تعلیمی میدان میں راہنمائی کر سکے گا میں سمجھتا ہوں کہ اس بل سے یہ مقاصد نہیں پورے ہو رہے ہیں اور نہ ہوں گے ان کے نزدیک ایک اپنا نظریہ ہے ایک اپنی فکر ہے اور وہ چند مشیر ہیں جو مشورہ دے دیتے ہیں اور میں

[Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi]

سمجھتا ہوں کہ وزارت تعلیم قوم کے لئے اس کی ترقی کے لئے اس کی روحانی اقدار کو بڑھانے کے لئے بڑا اہم اور موثر کردار ادا کرتی ہے - بلکہ وہ ریڑھ کی ہڈی ہوتی ہے اور اس بل کے تحت میں سمجھتا ہوں کہ ان مقاصد کو بروئے کار نہیں لایا جا رہا ہے اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ ناقابل فہم بھی ہے اور ناقابل عمل بھی ہے شکریہ -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : شکریہ مولانا صاحب - جی خواجہ صاحب -

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! میں اس بل کی مخالفت کئی وجوہات کی بنا پر کر رہا ہوں پہلی وجہ تو فنی ہے میری رائے میں یہ بالکل ضابطے کے مطابق تیار نہیں کیا گیا اور جیسا کہ ابھی میں عرض کروں گا کہ اس بل کو محترم وزیر مملکت کو واپس لے لینا چاہیئے اور ضابطے کے جو اصول ہیں ان کے مطابق اس کو دوبارہ تشکیل دے کر ایوان میں پیش کرنا چاہیئے جناب والا ! آپ ملاحظہ فرمائیے کسی بل کی غرض و غائت اس کے لانگ ٹائٹل اور شارٹ ٹائٹل سے ظاہر ہوتی ہے - اس بل کا لانگ ٹائٹل آپ کے سامنے ہے میں اسے پڑھے دیتا ہوں -

"Whereas it is necessary to provide for the building up of national cohesion by promoting social and cultural harmony, and designig curricula relevent to the nation's changing social and economic needs, compatible with the basic national ideology and providing massive shift from general education to more purposeful agro-technical education; and to make", and this is very important, Sir, "provision for Federal supervision of curricula, text-books for various classes and maintenance of standards of education".

یہاں اس میں سب سے اہم لفظ سپرویژن کا ہے یعنی اس کا مقصد یہ ہے کہ اس ملک میں جو کچھ بھی نصاب کے متعلق یا نصابی کتب کے متعلق یا اس پالیسی کے متعلق ہو رہا ہے اس کی سپرویژن کریں - اسی طرح جناب والا ! آپ شارٹ ٹائٹل 'اے' کے الفاظ ملاحظہ فرمائیں :

> "This act may be called the Federal supervision of Curricula, Text-Books and Maintenance of Standards of Education Act, 1976."

یہاں "سپرویژن" پر میں زور دے رہا ہوں سپرویژن کو مدنظر رکھیئے اس کے بعد اگرچہ وہ بل کا حصہ نہیں ہے - بعد میں قانون کا حصہ ہوتا ہے - اسٹیٹمنٹ آف آبجیکٹس اینڈ ریذنز دیکھیئے :

> "It is necessary to provide for the supervision of the work of the Bureau and Centres for Curriculum Development and the Text-book Boards in the Province."

اس کی غرض یہ ہے کہ بل کے ذریعے مرکزی حکومت ، وفاقی حکومت نگرانی کریگی ۔ اس کے اغراض و مقاصد یہ ہیں جو کہ اس لانگ ٹائیٹل اور شارٹ ٹائیٹل اور اس کے اسٹیٹمنٹ آف آبجیکٹس اینڈ ریذنز سے ظاہر ہوتے ہیں ۔ لیکن جناب والا ! اس بل کی کلاز ۳ کو ملاحظہ فرمائیں ۔ سب کلاز اے اور بی کو ملاحظہ فرمائیں ۔ اے کے الفاظ ہیں ۔

3. (2) "(a) Prepare or cause to be prepared schemes of studies, curricula, manuscripts of text-books and schedules or strategy for their introduction in various cases of an institution in connection with the implementation of the education policy of the Federal Government ;

(b) approve manuscript text-books produced by other agencies before they are prescribed in various classes of an institution.

اگر یہ پاس ہوجائے تو یہاں اس کی غرض و غایت یہ ہو گئی کہ فیڈرل گورنمنٹ محض نگرانی پر اکتفا نہیں کر رہی ہے بلکہ اس سے بہت آگے جا کر خود نصاب کو مقرر کرے گی خود نصابی کتب کو تیار کروائے گی اور مختلف کلاسز کے لئے مقرر کرے گی خواہ وہ پہلی یا دوسری کلاس ہو خواہ وہ یونیورسٹی کی کلاس ہو تو میری رائے یہ ہے کہ یہ کلاز ۳ سب کلاز ۲ کے پیراگراف اے اور بی اس بل کے اسکوپ سے باہر ہیں اس بل کا اسکوپ جیسا کہ اس کے لانگ ٹائیٹل اور شارٹ ٹائیٹل سے اچھی طرح ظاہر و باہر ہے ۔ جناب والا ! شاید میرے دوست یہ کہیں کہ محض تمہارے کہنے سے ہم نہیں مانتے تو میں ان کے لئے کچھ اتھارٹیز پیش کرنا چاہتا ہوں ۔

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** کلاز ۳ سے متعلق خواجہ صاحب ؟

**خواجہ محمد صفدر :** کلاز ۳ سے متعلق نہیں جناب ! سارے بل سے متعلق ۔

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** میرا مطلب یہ تھا کہ اگر کلاز ۳ سے متعلق ہے تو اس میں آپ کی امنڈمنٹس بھی ہیں ۔

**خواجہ محمد صفدر :** حضور والا ! کچھ دوستوں کی رائے یہ تھی کہ میں یہ سیکنڈ ریڈنگ میں پیش کرتا لیکن جب میں نے کتب کا مطالعہ کیا تو اس نتیجے پر پہنچا کہ اس قسم کی غلطی جو کہ ڈرافٹنگ کی غلطی ہے اس کو پہلی خواندگی کے دوران ہی پوائنٹ آوٹ کر دینا چاہیئے تاکہ گورنمنٹ بل واپس لے کر درست کر سکے اور ایوان کا وقت ضائع ہونے سے بچ جائے ۔ جناب والا ! میرے ہاتھ میں Introduction to the Procedure of House of Commons لارڈز کیمپئن کی ہے ۔ اس کے صفحہ ۲۰۶ پر ملاحظہ فرمائیے اس کے الفاظ ہیں جناب !

[Khawaja Mohammad Safdar]

"Special care should be taken to see that the Bill contains nothing which is not covered by the long title and also that the main object is not to incur expenditure."

اس کے بعد جناب والا ! اس کا ریلیونٹ حصہ یہ ہے :

"Special care should be taken to see that the Bill contains nothing which is not covered by the long title."

اور جیسا کہ ابھی میں نے پوائنٹ آؤٹ کیا ہے کہ کلاز ۳ کی سب کلاز ۲ کے پیرا اے اور بی لانگ ٹائیٹل سے کور نہیں ہوتے وہ اس پر منطبق نہیں ہوتے وہ اس کے احاطے سے باہر جا رہے ہیں - اسی کتاب کے صفحہ ۳۰۲ پر لکھا ہے - یہ الفاظ بڑے اہم ہیں جناب کہ اگر لانگ ٹائیٹل کانٹیکسٹ کو کور نہیں کرتا تو اس صورت میں کیا ہوگا :

"*Long Title.* The long title sets out in general terms the purpose of the Bill and is usually meant when the title is referred to without qualification. It should cover the contents of the Bill."

جناب والا ! یہ تو ہے لارڈ کیمپئن - اس کے بعد میز پارلیمنٹری پریکٹس کے صفحہ ۵۱۷ پر ملاحظہ فرمائیں -

یہاں میں ان دو باتوں کو دھرانا نہیں چاہتا جو کہ میں عرض کر چکا ہوں - وہ صرف میں نے مثالیں دی ہیں - جن میں اس بات کا حوالہ دیا گیا ہے میں صرف وہی پڑھوں گا :

May's Parliamentary Practice, page 517.

"A clause relating to the qualification of members having been embodied in a Bill for regulating expenses at elections. The Bill was consequently withdrawn by order. When one sub-section of a clause was beyond the scope of the Bill the Speaker suggested that the Bill should not be allowed to proceed. The title of the Representation of the Peoples Bill in session 1930-31 contained references to three specific objects which were not referred to in any of the clauses of the Bill. The Speaker said that this was without precedent and an undesirable practice. The Government had previously intimated their intention to withdraw the Bill and introduce another with a prople title."

اور اسی ضمن میں اسی کتاب کے صفحہ ۵۳۴ پر :

> "The objects of the Bill are contained in the long title which should cover everything contained in the Bill."

تو جناب والا ! اس فنی اعتراض کے پیش نظر میں محترم وزیر صاحب کو یہ مشورہ دوں گا کہ وہ مہربانی کر کے اس بل کو واپس لے لیں اور اس کو درست کر کے لائیں - اب جناب والا ! میں اس کے بنیادی اصولوں کی طرف آتا ہوں - معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے ہاں نہیں کی ، میرے اس مشورے کو قبول نہیں فرمایا اس لئے مجھے جو مزید گزارشات کرنا ہیں وہ میں کروں گا -

جناب والا ! میرے دوستوں نے اس بل کے پہلوؤں کا ذکر کیا ہے خصوصیت سے میرے محترم رہنما نے ارشاد فرمایا کہ اس بل سے صوبائی خود اختیاری پر زد پڑتی ہے - میں اس مسئلے پر مزید نہیں کہنا چاہتا اور اس مسئلے میں ان کا ہمنوا ہوں میرے دوسرے دوست محترم شہزاد گل نے تعلیمی اداروں کی خود مختاری کا ذکر کیا جس کا وعدہ کہ محترم وزیر اعظم صاحب نے اپنی تعلیمی پالیسی میں کیا ہے - انہوں نے وہ حصہ اس ایوان کے سامنے پڑھ کر سنایا ہے لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج اس بل کی رو سے اس ملک کے تعلیمی اداروں کی خود مختاری بھی سلب ہو رہی ہے -

آپ کو جناب چیئرمین ! یاد ہوگا اور اس ایوان کے معزز اراکین کو بھی یاد کہ جب ہمارے موجودہ وزیر اعظم صاحب حزب اختلاف سے تعلق رکھتے تھے تو اس وقت طالب علموں کی حمایت حاصل کرنے کے لئے انہوں نے بڑی شد و مد سے اس زمانے کے کالے قانون ، جس کو یونیورسٹی آرڈیننس کہتے تھے ، اس کے خلاف دھواں دھار تقریریں کیں اور بار بار اعلان کیا کہ یونیورسٹی کی خود مختاری جس کو انگریزی میں اٹانومی کہتے ہیں اس کو بحال کیا جائے اور جب وہ صاحب اختیار ہوں گے تو ضرور ایسا کریں گے - مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اکثر مواعید کے برعکس نہ صرف یہ کہ قانون بنائے جاتے ہیں بلکہ ان پر عمل ہوتا ہے -

جناب والا ! آج ہمیں یہ کہا جاتا ہے کہ ہم لیک سے زائد ادارے اس غرض کے لئے بنائیں گے جو کہ نہ صرف اس ملک کی نصابی کتب ، اس ملک کے تعلیمی معیار ، اس ملک کے نصاب کے متعلق اپنی واضح پالیسی اس ملک میں نافذ کریں گے بلکہ اس کے ساتھ ہی ساتھ یہ ظاہر ہے کہ حکم حاکم مرگ مفاجات ، جماعت اول سے لے کر یونیورسٹی کی اعلیٰ ترین جماعتوں تک جو نصاب یہ مقرو کریں گے وہی ہوگا - میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ یونیورسٹی ایکٹ ۱۹۷۳ء کے تحت ہر یونیورسٹی کی اکیڈمک کونسل کے فرائض کیا رہ جاتے ہیں - اکیڈمک کونسل کے فرائض

[Khawaja Mohammad Safdar]

میں یہ بات واضح طور پر درج ہے کہ یونیورسٹی کلاسسز کے لئے نصاب مقرر کرے گی۔ پاور اینڈ ڈیوٹیز آف اکیڈمک کونسل، یونیورسٹی آف دی پنجاب ایکٹ ۱۹۷۳ء ان کا اپنا بنایا ہوا ہے۔ سابقہ نہیں ہے یہ اس دور کی پیدا وار ہے۔ پیرا گراف۔ جی۔

> "Powers and Duties of Academic Council University of the Punjab Act, 1973. Paragraph (g) "To make regulations on the recommendations of the Boards of Faculties and the Boards of studies prescribing the courses of studies the syllabi, and the outlines of the test for all university examinations provided that if the recommendations of the Board of Faculties or the Board of Studies are not received by the prescribed date, the Academic Council may, subject to the approval of the Syndicate, continue for the next year the courses of studies already prescribed for the examinations."

اس اکیڈمک کونسل کی امداد کے لئے ہر یونیورسٹی میں فیکلٹی بورڈ بنائے ہوئے ہیں اور بورڈ آف اسٹڈیز بنائے ہوئے ہیں جو کہ ماہرین پر مشتمل ہوتے ہیں۔ خود اکیڈمک کونسل ماہرین پر مشتمل ہوتی ہے۔ یہ تو تھا یونیورسٹی ایجوکیشن کا جہاں تک تعلق ہے۔ اب آپ سیکنڈری ایجوکیشن کی بات کریں۔ بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن ہر صوبے میں ہوتا ہے جناب جتنا مجھے معلوم ہے صرف پنجاب میں سات بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن ہیں ان کا اپنا قانون ہے اور ان کے قانون میں بھی واضح طور پر ----

جناب صدارت کنندہ آفیسر: ۱۵ منٹ کے قریب ہو گئے ہیں۔

خواجہ محمد صفدر: جناب ابھی تو شروع ہوا ہوں۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر: اچھا آپ پانچ منٹ اور گفتگو کر لیں۔ ۱۵ منٹ ہو گئے ہیں سات منٹ شہزاد گل صاحب نے لئے ہیں اور دس بارہ منٹ مولانا صاحب نے لئے ہیں۔

خواجہ محمد صفدر: جناب! ان کی اکیڈمک کونسل نہیں ہے۔ ان کی اکیڈمک کمیٹی ہے تو ان کی اکیڈمک کمیٹی کے میں وہ ساری کوٹیشن نہیں پڑھتا اس غرض سے کہ وہ وقت زیادہ لے گی۔ ان کے یہ فرائض ہیں کہ وہ ہائیر سیکنڈری ایجوکیشن کے لیول تک نصاب مقرر کریں۔ کتابوں کی جانچ پڑتال کریں اور پھر جناب والا! نہ صرف وہ ایک بہت بڑا عظیم الشان ادارہ ہے جیسا کہ ابھی محترم مولانا صاحب نے ارشاد فرمایا کہ وہ نصاب مقرر کرنے کے لئے مرکزی حکومت

نے مقرر کر رکھا ہے بلکہ مزید ٹیسٹ بک بورڈ بھی موجود ہیں ۔ ان کا فرض بھی یہ ہے کہ وہ کتابیں لکھوائیں جوکہ منظور شدہ ہوں ان کو تیار کروائیں ، ان کی جانچ پڑتال کریں اور پھر تقسیم کریں اور بیچیں ۔ یہ فرائض بھی اس ادارے کے ذمہ ہیں جو ہم نئی آرگنائیزیشن بنا رہے ہیں ۔ اس دو عملی سہ عملی بلکہ چہار عملی کا نتیجہ کیا ہوگا ۔ وہ تو ایک مثال ہے کہ دو ملاؤں میں مرغی حرام لیکن یہاں تو ایک کام پر چار چار ، چھ چھ لگے ہوئے ہیں ۔ سلیبس بنانا ہے تو تین چار ادارے موجود ہیں ، اگر ٹیکسٹ بک چھاپنی ہیں تو تین چار ادارے پہلے موجود ہیں یہ ان کو اوورلائیڈ کریں گے یہ ان کے فرائض کو اپنے ہاتھ میں لیں گے اس لئے میں اپنے لیڈر صاحب کی توجہ دلاتا ہوں کہ اس طرح صوبائی خود مختاری کو ذبح نہ کیا جائے اور اس آئین میں نہ صرف الفاظ بلکہ ان کی روح کو بھی کچلا جا رہا ہے حقیقت یہ ہے جناب والا! کہ آئین میں اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ فورتھ شیڈول کے اصل میں سے جورسڈکشن کہتے ہیں اس میں یہ دیا ہوا ہے اسٹینڈرڈ آف ایجوکیشن دیا ہوا ہے ، سنٹرل سپرویژن دیا ہوا ہے غالباً وہ آئٹم ۳۸ میں دیا ہوا ہے لیکن اس سے مراد اس حد تک ہے جس حد تک اس کے ٹائیٹل کا تعلق ہے اگر ان میں تبدیلی کرلیں ، محترم وزیر صاحب جب ٹائیٹل کے مطابق اس بل کو مربوط کر لیں اس کی صحت کرلیں تو میں اس کی حمایت کروں گا ۔ یہ آئین کی رو سے بھی سپروائز کرسکتے ہیں اور اخلاقی طور پر اور قومی مفاد کے تحت بھی انہیں سپروائز کرنا چاہیئے میں اس کے حق میں ہوں کہ پاکستان کی بہتری کی خاطر مرکز سے زیادہ بہتر طریقے سے سپرویژن کی جاسکتی ہے میں اس کے حق میں ہوں کہ قومی مفاد کو پیش نظر رکھتے ہوئے مرکزی پالیسی وضع ہونی چاہیئے لیکن صرف نگرانی کی حد تک عملی طور پر میں ان کی مداخلت کو کسی صورت میں بھی برداشت کرنے کو تیار نہیں ہوں اس لئے جناب والا ! نہ صرف یہ کہ میں تو یہی کہوں گا کہ پراگندہ دماغی کا نتیجہ ہے کہ یہ معلوم ہی نہیں ہے کہ پہلے کیا ہوتا رہا ہے کون کر رہا ہے اور کس قدر ہو رہا ہے اور ایک اور انسٹیٹیوٹ بنایا جا رہا ہے ایک نہیں بلکہ پتہ نہیں کتنے بنیں گے کیونکہ کلاز دو ، تین میں ایک نہیں لکھا ہوا پتہ نہیں کتنے درجن بنائیں چار بنائیں چھ بنائیں یہ توگورنمنٹ کی مرضی ہے ۔ یہاں تو بل پاس ہو جائے گا ان کو بلینک چیک دے دیا جائیگا کہ جتنی چاہیں اس قسم کی اتھارٹیز قائم کرلیں جناب والا ! ایک اور پہلو ہے اور وہ فنانشل پہلو ہے ، یہ ملک غریب ہے انتہائی مفلس اور قلاش ملک ہے اس ملک پر جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے کم وبیش ۵۰ ارب روپے قرضہ ہے سال رواں میں جیسے کہ میں پہلے بھی اس ایوان میں عرض کر چکا ہوں ساڑھے تیرہ ارب روپے قرضہ سال رواں میں برداشت کیا جا رہا ہے ۔ ۔ ۔

**میاں محمد عطاءاللہ :** پوائنٹ آف آرڈر ۔

**خواجہ محمد صفدر :** کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

راؤ عبدالستار : خواجہ صاحب ، کوئی حد ہے نا ۔

The Hon'ble Senator should confine himself to the point at issue.

خواجہ محمد صفدر : میں یہ کہہ رہا ہوں ۔ ۔ ۔

**Mian Mohammad Attaullah :** May I point out one thing. Repeatedly the Speakers on the right have been irrelevant and out of the scope of the Bill. They are beginning a discussion on the financial position of the country which is quite irrelevant to the Bill under discussion. I will give an answer to them and they will be satisfied.

خواجہ محمد صفدر : میرا خیال ہے کہ قبلہ محترم وزیر صاحب غالباً میری بات سمجھنے کی اہلیت ہی نہیں رکھتے جو شخص ایوان میں ماسوائے چیرمین کے مجھے یہ کہتا ہے کہ میں آؤٹ آف آرڈر ہوں تو اس کے متعلق میں صرف یہی رائے رکھ سکتا ہوں ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : خواجہ صاحب میں نے اس بات کو وہیں ختم کرتے ہوئے ۔ ۔ ۔ ۔

**Mian Mohammad Attaullah :** I am not used to force and personal remaks made by the Member. I am not used to doing that.

جناب صدارت کنندہ آفیسر : خواجہ صاحب آپ تو ہمیشہ تحمل سے کام لیتے ہیں اور اب تو بات ختم ہونے والی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر : میں آپ سے ایک سوال پوچھتا ہوں ، کیا انسٹیٹیوشن بنانے میں خرچہ نہیں ہوگا ؟

جناب صدارت کنندہ آفیسر : میں کہتا ہوں کہ اس خرچے کو اتنا کم کر دیں کہ اس کو آج ہی ختم کر دیں تاکہ ایک دن کا اور خرچہ نہ اس میں شامل ہو ۔

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! میرا پوائنٹ یہ تھا جیسے کہ میرے دوستوں نے کہا کہ غیر متعلقہ ہو گئے ہیں آؤٹ آف آرڈر ہو گئے ۔ اس بل کے تحت جو اتھارٹیز اور انسٹیٹیوشن وضع ہوں گے ان پر خرچہ ہوگا ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : خواجہ صاحب ! وہ تو آپ نے ابھی فرمایا کہ آپ اس خرچے کے لئے تیار ہیں آپ اس کی حمایت کریں گے اگر یہ کلاز ۲ نہ ہو تو حالانکہ اس صورت میں بھی اتھارٹی ہوگی انسٹیٹیوشن ہوگا اور خرچہ ہوگا آپ بحث کرنے کو تیار ہیں ۔

for the purpose of co-ordination.

**خواجہ محمد صفدر :** مجھے 'one or more competent authorities' پر اعتراض ہے ۔ اتنی بڑی تعداد میں افسر ہیں ان سے کام لیا جائے وہی ان کی نگرانی کریں مختلف ٹیکسٹ بک اکیڈیمی کونسلز ، یونیورسٹیز یا دوسرے ادارے جو تعلیم سے وابستہ ہیں وہ درست طور پر کام کریں مزید خرچہ نہ ڈالیے اس ضمن میں میں نے یہ بات کہی تھی ۔

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** یہ آپ کی رائے ہے میاں صاحب اس پر غور کر لیں گے اور بہت ممکن بعد میں میاں صاحب آپ کو بتا دیں کہ ان میں سے بھی کچھ رہنے دیں تو بات ختم ہو جائے گی ۔

**خواجہ محمد صفدر :** غور ضرور کرنا چاہیئے میں اتنا شکر گزار ہوں گا ۔ جناب والا ! میں اس ضمن میں بہت سی باتیں کہنا چاہتا تھا لیکن چونکہ آپ کا اصرار ہے میں نے اختصار سے چند موٹے موٹے پوائنٹ عرض کر دیئے ہیں ضرورت پڑی تو پھر کسی وقت عرض کروں گا ۔

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** شکریہ خواجہ صاحب ۔ میں نے کبھی اصرار نہیں کیا کہ جلدی کریں یہ پہلا موقع ہے کہ میں نے اس بل کو جلدی کرنے کو کہا ہے ۔ جی کامران صاحب ۔

**Mr. Kamran Khan :** Sir, how does this Bill run counter to the spirit of provincial autonomy and the autonomy of Universities. My friends on this side of the House have spoken enough and I won't repeat all that, but I do say I am one with them.

Sir, our school going children are over-burdened with languages. No doubt, we are a multi-lingual country. We have got the national language, Urdu, and then there are other languages also.

Sir, in advanced countries children are not burdened with languages and that is why they finish with the basic education at a very early stage and they go for advanced education. Sir, I would suggest that the basic education in the country be imparted in the mother tongue of the children just to relieve them from the burden of learning so many languages and later on if they want to go for advanced education, of course, they may learn other languages also which are tought in the institutions. Sir, I want to draw the attention of the Hon'ble Minister of State to the promises of the Prime Minister in his Education Policy when he said that a University would be established at Saidu Sharif and Sir, I would request the hon'ble Minister of State to state in this House as to whether this project is being implemented and have the Government any intention of implementing the promise and whether the promise holds good or not.

Sir, in ancient times also Swat was the centre of education. We had the university and the ruins of that university have been unearthed there. The conditions are also ideal for education and a university in Swat will

[Mr. Kamran Khan]

not only cater to the needs of that area but the adjoining tribal area—the northern area and also it will attract students from all over the country. So, Sir, this is a great need of that area and since the Prime Minister had made a categorical promise, so I would request the Honourable Minister of State to state as to what the position of that University is ? With these words I conclude.

**Mr. Presiding Officer :** Thank you very much.

(*Interruptions*)

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** قاضی صاحب اب تو بہت سی تقاریر ہو گئیں - شیر محمد خان صاحب آپ بھی تقریر کرنا چاہتے ہیں- میرے خیال میں میاں صاحب بات کر لیں کیونکہ بہت سے دوستوں نے اظہار خیال کر لیا ہے اور خاصی وضاحت سے کیا ہے - میاں صاحب آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں ؟

**Mian Mohammad Attaullah :** I would like to make a speech, Sir, just for ten or fifteen minutes.

**Mr. Presiding Officer :** Yes.

**Mian Mohammad Attaullah :** Mr. Chairman many things have been said during the course of discussion on this Bill. I will briefly deal with them and not take much time of the House.

First of all it has been said that this is not in conformity with the Constitution that this Bill is being brought in by the Federal Government and at the same time another speaker from the Opposition, Khawaja Mohammad Safdar, has said that it is in conformity with the Constitution. Well, they can decide between themselves whether it is in conformity with the Constitution or not, but as far as the Constitution is concerned, Education is on the Concurrent List and it is a responsibility of the Federal Government to see and maintain the standards of education, the curriculum and other things.

Then it was said that the Federal Government wants to take over everything from the provinces and the provincial autonomy is being jeopardised. I am sorry to have to say that the Bill has not been understood in its correct perspective.

Then it has been said that in clause (3) what is being given is not in conformity with the objects and reasons for which this Bill is being brought. That again has not been understood properly, I am sorryto have to say. One thing we must understand and be very clear about is that as far as the People Government and the Government of Prime Minister Zulfikar Ali Bhutto is concerned, it has been decided during our time that the provincial autonomy issue has been settled finally. This was a raw issue earlier, but it has been settled once for all,

As far as autonomy is concerned, I want to make is absolutely clear as a policy of the Government that in our view, and we are absolutely clear on that, autonomy means within the framework of one country, the national integrity and these were the reasons why this country was created. We will not allow anybody to misuse the provincial autonomy as was tried in certain provinces of Pakistan and the Government had to take certain actions.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Question.

**Mian Mohammad Attaullah :** Now, if some of the honourable speakers say that the Central Government is not letting them do that kind of mischief. I can make it absolutely clear from the Government's point of view that we understand the meaning of provincial autonomy. Have they not learnt from the experience of East Pakistan ? On the one hand they say that a friend who had participated in the Conference at Karachi had made a statement—well, he rightly said that they had not learnt from the experience of East Pakistan, They should understand that the Education and the basic things of the country have to be maintained, it has to be standardised. Everybody in all the provinces of Pakistan—every student must know and they must know in unanimity. Well if they still want the previous situation to be created only then they can say that the Government should not supervise the text-books and curricula and other things. That is precisely the reason why we are bringing this Bill. That is precisely the reason why we do not want this kind of situation to arise again. I say again that we are very clear about provincial autonomy. It is within the framwork and the objectives for which this country was created, and the integrity of the country will not be allowed to be compromised with that.

Then, Sir, it has been stated clearly in the Bill in the statement of Objects and Reasons that the Central Government will be supervising the provincial text-book boards which are already functioning. I would request the Honourable Senator Khawaja Mohammad Safdar to please understand that there is no contradiction in this Bill. It is absolutely clear.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Why are you setting up competent authorities ?

**Mian Mohammad Attaullah :** I am not used to interrupting any honourable speaker and he should also please understand this.

**Khawaja Mohammad Safdar :** I am sorry.

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** خواجہ صاحب آپ اپنی بات کہہ چکے ہیں وہ اب اپنی بات کہہ رہے ہیں -

**Mian Mohammad Attaullah :** This is exactly what I am trying to explain to him that there are certain institutions controlled by the Federal Government itself—institutions under the direct control of the Federal Government. You have to appoint competent authorities for that. You

[Mian Mohammad Attaullah]

also have to appoint competent authorities to supervise the text-book boards and the other boards which are already undertaking this work. At the same time I want to make him understand and I want the honourable Senators to know that once we undertake the responsibility of supervising, that means that we just do not want to do it with mere words. The Government has to have the relevant authority and the boards with them also, so that they can effectively supervise and control, and also to state and say that this is what is the requirement of the country and this is what the Federal Government feels is the requirement and that should be done. So, there is no contradiction in this. If it is desired to prepare the curriculum well authorities will have to do it, authorities will not just sit down. On the one hand he says it is a burdon on the Exchequer and on the other hand he says that if this clause is removed he will accept the Bill. Again there is a contradiction and the honourable Chair itself has pointed this out.

It is absolutely clear that there are authorities functioning already in the provincial governments—in the respective provinces. There will be authorities set up in the Centre under the direct supervision of the Federal Government and there will be authorities controlling them also and seeing that there is a unanimity of views and the same kind of curriculum and text-books are given to the institutions all over the country.

Now in the end I will just say this much that this Bill should be understood in its correct perspective. The Government does not want to do something which is against the Constitution. The Government will not do such a thing. The only thing is that we are moving within the framework of the Constitution. It is within our powers, it is on the Concurrent List and it is for the good and the betterment of the country. It is to implement the Education Policy laid down by the Peoples Government and the Prime Minister that we are moving and we have brought this Bill in the House. I would request that the Bill be passed.

**Mr. Presiding Officer :** The question befor the House is :

> "That the Bill to make provision for Federal supervision of curricula, text-books and maintenance of standards of Education [The Federal Supervision of Curriculla, Text-books and Maintenance of Standards of Education Bill, 1976], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Presiding Officer :** The motion is carried. Now we take up clause by clause consideration. There is no amendment so far as Clause 2 is concerned.

So, the question before the House is :

> "That Clause 2 forms part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Presiding Officer :** Clause 2 stands part of the Bill. There are amendments so far Clause 3 is concerned.

خواجہ صاحب یہ پہلی امنڈمنٹ آپ کی ہے ؟

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, I beg to move :

> "That sub-clause 1 of Clause 3 of the Bill the words "one or more" be substituted by the letter 'a'."

**Mr. Presiding Officer :** The amendment moved is :

> "That in sub-clause 1 of Clause 3 of the Bill the words "one or more" be substituted by the letter 'a'."

**Mian Mohammad Attaullah :** Opposed.

**جناب شہزاد گل :** جناب والا ! میری امنڈمنٹ ایک جیسی ہی ہے ۔ وہ بھی میں پیش کر دوں ؟

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** میرے خیال میں وہ بھی ساتھ ہو جائے گی ۔

**جناب شہزاد گل :** خواجہ صاحب کی بھی وہی ہے ۔ لیکن اتھارٹیز کے لفظ کو میں نے جمع سے واحد کر دیا ہے ۔

**Mr. Shahzad Gul :** Sir, I beg to move :

> "That in sub-clause 1 of clause 3 of the Bill between the words 'appoint and for' occurring in the third line the words "one or more competent authorities" be deleted and the words 'competent authority' be inserted."

**Mian Mohammad Attaullah :** Opposed.

**Mr. Presiding Officer :** The amendment moved is :

> "That sub-clause 1 of Clause 3 of the Bill between the words 'appoint and for' occurring in the third line the words "one or more competent authorities" be deleted and the words 'competent authority' be inserted."

**Mian Mohammad Attaullah :** Opposed.

**جناب شہزاد گل :** جناب والا ! اس پوائنٹ پر پہلی ریڈنگ میں کافی بحث ہو چکی ہے ہم چاہتے ہیں کہ اگر فیڈرل گورنمنٹ واقعی سپرویژن چاہتی ہے ، تو پھر چاہیئے یہ تھا کہ ایک ہی اتھارٹی ہو اور وہ چاروں صوبوں میں بورڈز کی بھی نگرانی

[Mr. Shahzad Gul]

کرے اور ٹیکسٹ بکس کی بھی ، جیسا کہ خواجہ صاحب نے کہا اور اس پر انہوں نے اعتراض بھی اٹھایا کہ یہ ملک اتنے اخراجات کا متحمل نہیں ہو سکتا ۔ اگر زیادہ اتھارٹیز قائم کی جائیں تو زیادہ اخراجات برداشت کرنے پڑیں گے اس وجہ سے ہم ان امنڈمنٹس کے ذریعے یہ suggest کرتے ہیں کہ صرف ایک competent authority ہو اور وہ اتھارٹی جو ہوگی وہ موثر طور پر سپرویژن کر سکے گی اگر زیادہ اتھارٹیز ہوں گی تو یہ ہوگا کہ ایک اتھارٹی ایک طریقے سے اس پر سوچا کرے گی اور دوسری اتھارٹی کی سوچ دوسرے طریقے پر ہوگی تو ان اتھارٹیز کے درمیان بھی conflict پیدا ہوں گے ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : مولانا صاحب آپ کی باتیں شہزاد گل صاحب نے بڑی توجہ سے سنی تھیں ۔

جناب شہزاد گل : تو مختلف اتھارٹیز کے درمیان conflict پیدا ہوں گے اور اس کے لئے پھر دوبارہ ایک بل لایا جائے گا کہ ایک اتھارٹی ہو جو ان competent authorities کی نگرانی اور سپرویژن کرے اس وجہ سے ہم یہ چاہتے ہیں کہ اگر وفاق حکومت نے competent authority مقرر کرنی ہے اور مرکز سے ہی اس کی سپرویژن کرنی ہے تو پھر ایک سے زیادہ اتھارٹیز نہ ہوں ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : خواجہ صاحب آپ نے اس ترمیم کی حد تک ہی بات کہنی ہوگی ۔

**Mian Mohammad Attaullah :** Sir, I oppose this amendment, and I have given the reasons in my speech also that the policy is one. The implementation is not being given to more than one authority. There is no conflict between them.

**Mr. Presiding Officer :** So, the question before the House is :

"That in sub-clause 1 of Clause 3 of the Bill the words 'one or more' be substituted by the letter 'a'."

(*The amendment was negatived*)

**Mr. Presiding Officer :** The amendment is rejected. Next amendment is of Mr. Shahzad Gul.

The question before the House is :

"That in sub-clause 1 of Clause 3 of the Bill between the words 'appoint and for' occurring in the third line the words 'one or more competent authorities' be deleted and the words 'competent authority' be inserted."

(*The amendment was negatived*)

**Mr. Presiding Officer :** The amendment is rejected.

**جناب شہزاد گل :** جناب والا ! یہ خواجہ صاحب کی ترمیم جس میں انہوں نے deletion کے لئے کہا ہے - تو اس سے قبل اگر یہ 2-A لی جائے تو بہتر ہوگا۔

**Mian Mohammad Attaullah :** This is a misprint and the Bill has been passed by the National Assembly. There is no need of moving an amendment.

**جناب شہزاد گل :** کریکشن تو کرنی ہے۔

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** شہزاد گل صاحب آپ کمیٹی میں نہیں تھے - خواجہ صاحب موجود تھے - وہاں جو نیشنل اسمبلی سے بل پاس ہو کر آیا تھا وہ سارا ہم نے منگوا کر دیکھا تھا اور خواجہ صاحب میرے ہمنوا ہوں گے۔ اس حد تک وہاں پر بھی classes ہی ہے تو یہ کلیریکل سی بات ہے - سیکریٹریٹ کے نوٹس میں آ گئی ہے یہ درست کر لیں گے -

**جناب شہزاد گل :** جناب والا ! جب کمیٹی میں بل ڈسکس ہوا اور کمیٹی کی رپورٹ آئی تو اس کے ساتھ جب بل آیا تو اس میں کریکشن بھی نہیں کی گئی -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** اسی لئے میں سیکرٹیریٹ سے کہہ رہا ہوں کہ اس وقت یہ بات ہو گئی تھی تو وہ درست کر لیں گے - آپ کی کرم نوازی کہ آپ نے پھر انہیں یاد کرا دیا - ہمیں بھی یاد کرا دیا - تو یہ classes کر لیں گے - میرے خیال میں اتنا تو سیکریٹریٹ کر سکتا ہے - کیونکہ جو اورجنل بل نیشنل اسمبلی سے پاس ہو کر آیا تھا اس میں classes ہی ہے۔

**جناب شہزاد گل :** دوسری 2-B جو ہے یہ بھی کریکشن کے متعلق ہے manuscript تو جمع ہونا چاہیئے - آپ جناب والا ! دیکھیں -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** یہ انگریزی زبان کا مسئلہ ہے یہ manuscript جمع بھی استعمال ہوتا ہے واحد بھی استعمال ہوتا ہے۔

**جناب شہزاد گل :** اس کے ساتھ "of" کا لفظ بھی آنا چاہیئے - manuscripts of text-books آپ اوپر دیکھیں - اس میں "of" کے لفظ کی زیادتی ہونی چاہیئے manuscript of text-books تو نہیں ہو سکتا -

**خواجہ محمد صفدر :** مجھے جناب والا ! اپنے دوست سے اختلاف ہے یہ جمع بھی نہیں ہونا چاہیئے - کیونکہ جو ہے یہ تو صرف books qualifying ہے manuscript جو لفظ ہے that qualifies text-books دوسرا یہ ہے manuscript of text-books

[Khawaja Mohammad Safdar]

نہیں ہونا چاہیئے ۔ وہ لکھیں گے تو اس کو بھی plural کرنا پڑے گا manuscripts of text-books سے مراد یہ ہے کہ نصابی کتابوں کے مسودہ جات ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ میرے دوست غلطی پر ہیں ۔

جناب شہزاد گل : جناب ! آپ یہ کلاز "a" اور "b" ملاحظہ فرمائیں اس کے para "a" میں manuscripts of text-books درج ہے اور اس کے ساتھ conformity کے لئے میں نے یہ تجویز کیا ہے کہ پیرا "b" میں بھی manuscript of text-books لینگویئج کی درستگی کے لئے اس کو ایک جیسا کرنے کے لئے میں نے یہ تجویز کیا ہے ۔ جس طرح "a" میں انہوں نے لکھا ہے "b" میں بھی اسی طرح ہونا چاہیئے ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : اس کی implications آپ مجھ سے بہتر جانتے ہیں اب میرے خیال میں "a" 2 اور "b" پریس نہیں کریں گے ۔

So, now I put it to the House. The amendment moved by Mr. Shahzad Gul is :

"That in para (b) of sub-clause (2) of Clause 3, occurring in the first line between the words 'approve' and 'text-books' the present word 'manuscript' be substituted by the words 'manuscripts of'."

**Mian Mohammad Attaullah :** Opposed.

**Mr. Presiding Officer :** The question before the House is :

"That the amendment moved by Mr. Shahzad Gul that in para (b) of sub-clause (2) of Clause 3, occurring in the first line between the words 'approve' and 'text-books' the present word 'manuscript' be substituted by the words 'manuscripts of'."

*(The motion was negatived)*

**Mr. Presiding Officer :** The motion is rejected. Now there is another amendment by Khawaja Mohammad Safdar.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, I beg to move :

"That in sub-clause (2) of Clause 3 of the Bill paras (a), (b) and the brackets and letter (c) be omitted."

**Mr. Presiding Officer :** The amendment moved is :

"That in sub-clause (2) of Clause 3 of the Bill paras (a), (b) and the brackets and letter (c) be ommitted."

**Mian Mohammad Attaullah :** Opposed.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ میں زیادہ وقت نہیں لوں گا ۔ سب دوست چاہتے ہیں کہ یہ بل جلدی ختم ہو جائے تاکہ جلدی چھٹی ہو اس لئے میں کوشش کروں گا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ ابھی پہلی خواندگی میں محترم وزیر مملکت نے وائنڈ اپ کرتے ہوئے فرمایا کہ ہماری غرض و غایت یہ ہے کہ ہم نگرانی کریں ہم عملی طور پر کچھ نہیں کریں گے محض نگرانی کریں گے لیکن ایک بات انہوں نے کہی تھی شاید میں یہ بات نہ سمجھ سکا ہوں کہ وفاقی حکومت کے ماتحت بھی یہاں اسلام آباد یونیورسٹی ہے یہاں کالجز ہیں اسکولز ہیں ان کے لئے بھی تو کچھ کرنا ہوگا تو میں ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ اسلام آباد یونیورسٹی کی اپنی امپلیمینٹیشن کونسل ہے یہاں اب بورڈ بھی بن گیا ہے تو اس لئے باقی صوبوں میں جو کام ہو رہا ہے اسلام آباد میں بھی ہو رہا ہے اس لئے اگر ایک اتھارٹی بنائی جائے جو کہ نگرانی کرے ان تمام بورڈوں کی ان تمام یونیورسٹیوں کی یا تعلیم سے متعلقہ تمام اداروں کی تو یہ زیادہ بہتر ہوگا ورنہ میں یقین دلاتا ہوں کہ جیسے میرے دوست شہزاد گل نے کہا تھا یہ ایک اتھارٹی کچھ کرے گی تو دوسری کچھ کرے گی اور تیسری کچھ کرے گی پھر ایک اور بل لانا پڑے گا ان اتھارٹیز کو کنٹرول کرنے کے لئے ایک اور سپر اتھارٹی بنانی پڑے گی ۔

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** میاں صاحب ۔ آپ تو اظہار خیال کر چکے ہیں ۔

**میاں محمد عطا اللہ :** میں صرف اتنا کہوں گا کہ خواجہ صاحب نے مس انڈر اسٹینڈنگ کی ہے میں نے یہ کہا تھا کہ ہمیں موثر کنٹرول ان کو کرنے کے لئے چاہیئے ۔

So, we need these powers and there is no contradiction. Policy is the same. May be two or three authorities functioning, but they will function under the same policy, and there is no contradiction in this at all.

**Mr. Presiding Officer :** So, I put the amendment. The question before the House is :

> "That in sub-clause (2) of Clause 3 of the Bill paras (a), (b) and the brackets and letter (c) be ommitted."

*(The motion was negatived)*

**Mr. Presiding Officer :** The amendment is rejected.

Next, Mr. Shahzad Gul.

**Mr. Shahzad Gul :** I beg to move :

"That para (c) of sub-clause (2) of Clause 3 be substituted by the following namely :

"(c) Direct any person or agency in writing to delete, amend or withdraw or cause to be deleted, amended or withdrawn the whole or any portion of the cirriculum, text-books or reference material prescribed for any class of an institution within a period specified in such directive"."

**Mr. Presiding Officer :** The amendment moved is :

"That para (c) of sub-clause (2) of Clause 3 be substituted by the following namely :

"(c) Direct any person or agency in writing to delete, amend or withdraw or cause to be deleted, amended or withdrawn the whole or any portion of the cirriculum, text-books or reference material prescribed for any class of an institution within a period specified in such directive"."

**Mian Mohammad Attaullah :** Opposed.

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** شہزاد گل صاحب - آپ اس امنڈمنٹ کے بارے کچھ ارشاد فرمانا چاہتے ہیں ؟

**جناب شہزاد گل :** جناب والا ! میں صرف یہ عرض کروں گا کہ موجودہ صورت میں جس طرح سے کلاز رکھی گئی ہے اس کا محض یہ مطلب لیا جا سکتا ہے کہ کمپیٹنٹ اتھارٹی اس شخص کو ڈاریکٹ کرے گی کہ بھائی فلاں پورشن کو ڈیلیٹ کرو اب وہ خود ڈیلیٹ کر سکے یا مالک و کارخانے اور چھاپے خانے کے ذریعے کرائے - اس لئے case to be deleted عموماً ہر جگہ یہ ہوتا ہے لیکن یہ ہے کہ کاز ٹو بی ڈیلیٹیڈ تو وہ direct him to delete amend or withdraw دوسرے کے ذریعے سے بھی کر سکتا ہے - تو موجودہ صورت میں جس شخص کو ڈاریکشن دی جائے گی وہ بہت ایمبراسڈ فیل کرے گا اور جو ترمیم ہم نے پیش کی ہے اس سے موجودہ لینگویج کو بہتر بنایا ہے اور اس میں کافی سہولت ہے -

**Mian Mohammad Attaullah :** Sir, I need not say much on this. The language is absolutely clear and the powers given in that are also clear. I do not think there will be any difficulty. On the other hand he is giving a much more complicated language rather than simplifying it.

**Mr. Presiding Officer :** The question before the House is :

"That para (c) sub-clause (2) of Clause 3 be substituted by the following namely :

"(c) Direct any person or agency in writing to delete, amend or withdraw or cause to be deleted, amended or withdrawn, the whole or any portion of the cirriculum, text-books or reference material prescribed for any class of an institution within a period specified in such directive"."

(*The motion was negatived*).

**Mr. Presiding Officer :** The amendment is rejected.

Next, Mr. Shahzad Gul.

**Mr. Shahzad Gul :** I beg to move :

"That sub-clause (3) of Clause 3 be deleted."

**Mr. Presiding Officer :** The amendment moved is :

"That sub-clause (3) of Clause 3 be deleted."

**Mian Mohammad Attaullah :** Opposed.

**جناب شہزادہ گل :** جناب والا ! ہم کیوں ڈیلیشن چاہتے ہیں ؟ آپ پہلے پیرا سی ملاحظہ :

"Para (c) Direct any person or agency in writing to delete, amend or withdraw any portion, or the whole, of the curriculum, text-book or reference material prescribed for any class of an institution within a period specified in such directive."

"(3) Action on the directive of the Competent Authority under clause (c) of sub-section (2) shall be taken as soon as possible by the person or agency and an implementation report shall be submitted to the Competent Authority within such period as may be laid down in the directive."

یہ ریپیٹیشن ہے جب ڈائریکٹو میں آپ نے کہا ہے کہ فلانی اتنے پیرہ میں ڈیلیٹ کرو تو ڈائریکٹو پر عمل ہو جائے گا پھر دوبارہ کلاز سی میں کہ مخصوص ٹائم میں رپورٹ دے کا کہ میں نے کر لیا ہے یا نہیں یہ سب کلاز تین جو ہے یہ پیرا سی کو دوہرایا گیا ہے اس کا مقصد پیرا سی میں آ چکا ہے ۔

**Mian Mohammad Attullah :** I will just add this that earlier the honourable Senator has suggested that para (c) of sub-clause (2) of Clause 3 be

[Mian Mohammad Attaullah]

changed and made more clear so that the action is taken as quickly as possible and there should be no ambiguity in the instructions given. Sub-clause (3) just makes that action binding on the person to whom the instructions are given by the Authority and he has to submit a compliance report so that consequently if he does not do that subsequent action can taken against him. So this sub-clause is essential.

**Mr. Presiding Officer :** Since there cannot be any compromise, let us know what is the sense of the House.

The question before the House is :

"That sub-clause (3) of Clause 3 be deleted."

(*The motion was negatived*)

**Mr. Presiding Officer :** The amendment is rejected.

میرے خیال میں جو معزز ممبران ہاؤس میں بیٹھے ہوئے ہیں ان کی خاصی دلچسپی کم ہے کم ہوتی جا رہی ہے اس لئے فیصلہ کرنا مشکل نظر آتا ہے ۔

**Mr. Presiding Officer :** So far as Clause 3 is concerned, there is no other amendment.

So the question before the House is :

"That Clause 3 forms part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Presiding Officer :** Clause 3 stands part of the Bill.

Now Clause 4.

خواجہ صاحب ! کلاز فور ہے اس میں تو کوئی ترمیم نہیں ہے آپ کی ؟ شہزاد گل صاحب کی ترمیم ہے اس میں ۔

**Mr. Shahzad Gul :** Sir, I beg to move :

"That in Clause 4, the 6th, 7th and 8th lines be deleted and after the word 'extend' the words 'to six months or with fine which may extend to one thousand rupees or with both' be substituted."

**Mr. Presiding Officer :** The amendment moved is :

"That in Clause 4, the 6th, 7th and 8th lines be deleted and after the word 'extend' the words 'to six months or with fine which may extend to one thousand rupees or with both' be substituted."

**Mian Mohammad Attaullah :** Opposed.

**جناب شہزاد گل :** جناب والا ! اس کو تو اپوز نہیں کرنا چاہیئے تھا آپ اس پینل کورٹ کو اٹھا کر دیکھیں ایسا کوئی جرم نہیں ہے قید کے متبادل جرمانہ بھی ہوتا ہے اب اگرا یک شخص کو ڈاریکٹو دی جائے کہ فلاں کتاب سے یہ پورشن ہٹا لو اور اگر وہ ہٹا رہا ہے لیکن پریس میں ابھی وہ مکمل نہیں ہوا اس ٹائم میں تو اس کو کم از کم ایک سال سزا اور متبادل جرمانہ بھی نہیں کیونکہ لازماً اس کو ایک سال کی سزا موجودہ صورت میں ہوگی میں کلاز فور میں جناب والا !

Clause 4.

"If the person, to whom or the person responsible for the conduct of the affairs of any agency to which, a directive has been issued under clause (c) of sub-section (2) of section 3 fails to carry it out he shall be punishable with imprisonment for a term which may extend to one year and shall also be guilty of gross misconduct, and such agency may be superseded by order of the authority appointing or constituting it.

تو اس کی کتاب، بھی منسوخ ہوگی ، اس کی ایجنسی بھی منسوخ ہوگی ، ایک سال کی سزا ہوگی یہ معمولی بات ہوگی - یہ اختیار خود عدالت کو دینا چاہیئے متبادل جرمانہ رکھنا چاہیئے یا دونوں سزائیں رکھنا چاہیں تاکہ جرم کی نوعیت کے لحاظ سے اگر وہ زیادہ سنگین معاملہ ہے تو وہ قید کی سزا دیں اگر معمولی نوعیت کا ہے تو وہ جرمانے کی سزا دیں یا دونوں دے دیں - اس کے علاوہ مس کنڈکٹ کا جو مسئلہ ہے اس کو بیچ سے نکال دینا چاہیئے - اس وجہ سے میں نے کہا کہ یہ عدالت کو اختیارات ملنے چاہیں -

**میاں محمد عطاءاللہ :** جناب والا ! ان کی اپنی بات میں تضاد ہے - انہوں نے جو امنڈمنٹ موو کی ہے ان کو دیکھیں - کہیں تو یہ کہتے ہیں کہ جو حکم ہوگا اس کو مانا نہیں جائے گا کیسے منائیں گے کیا کریں گے کہیں کہتے ہیں کہ سزا کم دیں -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** ان کی باتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ متاثر نہیں ہوئے اور میرے خیال میں خواجہ صاحب بھی نہیں ہوئے ورنہ خواجہ صاحب اس پر امنڈمنٹ دیتے -

**The question before the House is :**

**"That in Clause 4, the 6th, 7th and 8th lines be deleted and after the word "extend" the words 'to six**

[Mr. Presiding Officer]

months or with fine which may extend to one thousand rupees or with both' be substituted."

*(The motion was negatived)*

**Mr. Presiding Officer :** The motion is rejected.

Now, the question before the House is :

"That Clause 4 and 5 stand part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Presiding Officer :** Clauses 4 and 5 stand part of the Bill.

Now, clause 6.

خواجہ صاحب یہ بھی آپ کی ہے اور شہزاد گل صاحب کی بھی ہے -

**خواجہ محمد صفدر :** یہ میری بھی ہے لیکن میں موو نہیں کروں گا صرف ایک فقرہ عرض کروں گا کہ حکومت کے کلٹی کانشس کے اندر یہ خیال آ گیا کہ ہم سے کچھ نہ کچھ خلاف قانون حرکات سرزد ہوں گی انہیں یہ احساس ہو گیا اس لئے یہ کلاز رکھ لی ہے اگر ہم کوئی خلاف قانون حرکت کریں بھی یا اگر ہم سے کوئی جرم سرزد ہو جائے تو ہمارے خلاف کوئی چارہ جوئی نہ ہو سکے - اس میں کوئی عدالت مداخلت نہ کر سکے یہ indemnity عام طور پر تو ہنگامی حالات میں رکھی جاتی ہے کہ کہیں فوج نے پولیس نے غلطی کر دی - یہ تو پڑھے لکھوں کا کام ہے - کہ یہاں کوئی ایسے لوگ نہیں ہوں گے جو قانون سے واقف نہ ہوں گے عالم و فاضل لوگ ہوں گے ان کو کوئی ایسی خلاف قانون حرکت نہیں کرنی چاہیئے اس لئے یہ indemnity کلاز غیر ضروری ہے -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** شہزاد گل صاحب آپ تو اپنی امنڈمنٹ موو نہیں کریں گے ؟

**جناب شہزاد گل :** جناب والا ! یہ دوسروں کو تو کم از کم ایک سال کی سزا دے رہے ہیں اور خود اپنے آپ کو بچانے کے لئے انہوں نے یہ indemnity کلاز رکھ لی ہے -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** میاں صاحب آپ کچھ اس سلسلے میں فرمانا چاہتے ہیں ؟

**میاں محمد عطاءاللہ :** میں اس سلسلے میں صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ اس میں صرف گورنمنٹ کے آدمی نہیں ہوتے ہیں - یہ پرنٹ ہوتا ہے اس میں سہواً غلطی ہو سکتی ہے - پرنٹ کی غلطی ہو سکتی ہے - یہ نہیں ہے کہ اگر پرنٹ کی غلطی بھی ہو جائے تو اس کو بھی سزا دیں - اس کے لئے یہ کلاز رکھی گئی ہے -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** چلیں دیکھیں ہاؤس کیا سوچتا ہے -

The question before the House is :

"That Clause 6 stands part of the Bill."

*(The motion is adopted)*

**Mr. Presiding Officer :** Clause 6 stands part of the Bill.

Now. the question before the House is :

"That Clause 7 stands part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Presiding Officer :** Clause 7 stands part of the Bill.

Now, Clause 1, Preamble and Short Title.

The question before the House is :

"That Clause 1, Short Title and Preamble stand part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Presiding Officer :** Clause 1, Short Title and Preamble stand part of the Bill.

Yes Mian Sahib.

**Mian Mohammad Attaullah :** Sir, on behalf of Mr. Abdul Hafeez Pirzada, I beg to move :

"That the Bill to make provision for Federal supervision of curricula, text-books and maintenance of standards of education [The Federal Supervision of Curricula, Text-books and Maintenance of Standards of Education Bill, 1976], be passed."

**Mr. Presiding Officer :** The motion moved is :

"That the Bill to make provision for Federal supervision of curricula, text-books and maintenance of standards of education [The Federal Supervision of Curricnla, Text-books and Maintenance of Standards of Education Bill, 1976], be passed."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Presiding Officer :** The Bill stands passed.

Thank you very much.

**Voices :** Thank you.

[(چند معزز ممبران اٹھ کر جانے لگے)]

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** ابھی تو میں نے ایڈجرن نہیں کیا ۔

**Voices :** Sorry, Sorry.

**جناب راؤ عبدالستار :** جناب والا ! میں خاص طور پر اپوزیشن کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے ہمارے ساتھ بھر پور تعاون کیا ۔

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** میں بھی ان کا ممنون ہوں اور لیڈر آف دی ہاؤس بھی ممنون ہیں اور شکریہ ادا کر رہے ہیں میاں صاحب تو اتنے مشکور ہیں کہ الفاظ بھی نہیں ادا کر سکتے ۔

The House stands adjourned to meet again tomorrow at 9.30 a.m.

---

*(The House then odjourned to meet at half-past ten of the clock in the morning on Friday, March 19, 1976)*

---